روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
جلد نمبر 14
شمارہ نمبر 4
قیمت: 100 روپے
14th AUGUST
AUGUST 2023
آیاتُ الحِرز
دفع بندش نکاح
حاضرات شاہ جنات
تسخیر کے عملیات
سسرال کے مسائل کا روحانی حل
خواب والا استخارہ
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
1
اگست 2023ء
بدعاء پیر طریقت رہبر شریعت حضرت مفتی محمد حسن صاحب دامت برکاتہم العالیہ
دار العمل چشتیہ کا سالانہ روحانی، اصلاحی، تربیتی، عملیاتی
زیر سرپرستی
استاد العاملین
ابونافع
خالد مقبول عارف حفظہ اللہ
چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی
ناظم روحانی درگاہ
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی
حزب البحر
اجتماع
3 روزہ عظیم الشان
ان شاء اللہ حسب سابق
۶، ۷، ۸ صفر المظفر سنہ ۱۴۴۵ھ
بمطابق 23,24,25 اگست سنہ 2023 کو منعقد ہوگا۔
سخت سے سخت جادو، جنات، نظر بد کی مکمل تشخیص و تجویز سیکھئے صرف 3 دن میں دوسرے ممالک میں موجود روحانی مریضوں کا علاج سیکھئے صرف 3 دن میں بڑے بڑے اعمال کی ریاضت کیجئے وہ بھی صرف 3 دن میں باموکل اعمال کی کامیاب ریاضت کیجئے وہ بھی صرف 3 دن میں روحانی کلاسز و روحانی لیکچرز میں بہت کچھ سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں عملیاتی زندگی میں کامیابی کے اصول سیکھئے وہ بھی صرف 3 دن میں مضبوط ترین روحانی معالج بننے کے خاص راز جانیے وہ بھی صرف 3 دن میں
رابطہ
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی
بیدیاں خاص جامع مسجد اللہ اکبر لاہور
0304-7772772
مولانا ممتاز احمد
جامع مسجد حسین کو کباشوگر مل نزد عوان ٹاون جوہر آباد
0306-4758334/0303-4378576
نوٹ
قیام کرنے والے حضرات اپنا اصلی شناختی کارڈ ساتھ لائیں * موسم کے مطابق بستر، کپڑے، مسواک، خوشبو، تسبیح اپنے ہمراہ لائیں * عصر کی نماز تک اجتماع گاہ پہنچنا ضروری ہے چونکہ بعد نماز مغرب اعمال شروع ہو جاتے ہیں * باموکل اعمال کی ریاضت کیلئے تشریف لانے والے احباب اجتماع میں آنے سے 3 دن پہلے ہی ترک حیوانات کا پرہیز شروع کر دیں۔ شکریہ۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات
2
اگست 2023ء
اسلامی تصوف، روحانی عملیاتی، طبی نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین
برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے
محرم الحرام، صفر المظفر ۱۴۴۵ھ
اگست 2023ء
جلد نمبر 14
شمارہ نمبر 4
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
قیمت 100 روپے
مدیر اعلیٰ
خالد مقبول عارف
مدیر
مولانا حافظ علی آفاق
معاون مدیر
حکیم سلیم اللہ ظفر
سالانہ ممبرشپ بذریعہ پاکستان پوسٹ
عام ڈاک: 1000 روپے
رجسٹرڈ ڈاک: 1400 روپے
نوٹ ہر ماہ کی 27/28/29 تاریخ کو رسالہ ارسال کیا جاتا ہے۔
سالانہ ممبرشپ بذریعہ کوریئر TCS
لاہور کیلئے: 1730 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 2220 روپے
لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 3000 روپے
سالانہ ممبرشپ بذریعہ ای میل/واٹس ایپ
ای میل: 700 روپے
واٹس ایپ: 700 روپے
نوٹ ہر ماہ کی پہلی/دوسری تاریخ کو رسالہ Whatsapp/Email کیا جاتا ہے۔
مجلس مشاورت
غلام سرور شباب صاحب (چوبلی کلاں)
قیصر احمد صاحب (کراچی)
مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
ابو انس صاحب (لاہور)
مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
محمد علیم صاحب (لاہور)
مشیر قانونی
چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)
ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں
بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا
برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat
دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht
darulamalchishtia
0322-7772772
0343-7772772
0312-7772772
0306-7772772(ufone)
042-35410586
586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور
مطب العارف 0320-5410586 042-35410586
مکتبۃ العارف 0332-4487877 0323-4487877
روحانی درگاہ 0333-7772775 0309-7772775
الٹرنیٹو میڈیسن سٹور 0309-7772778 0349-7772778
ایم این بک سٹور 0309-7772770 0316-7779370
روحانی علاج گاہ 0324-7772772 0342-7772772
فلاحی مرکز 0312-7772772 042-35410586
عارفی پرفیومز 0309-7772776 0346-7772776
روحانی دکان 0334-4312272 0320-4312272
خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا
http://darulamal.org/
ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ (تمام شعبہ جات)

فہرست مضامین

اگست 2023ء

محرم الحرام، صفر المظفر ۱۴۴۵ھ

اہم گذارش

تمام قارئین، شاگرد وممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ و عاملین سے درخواست ہے کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات کیلئے اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ عملیات، مجرب تعویذات ونقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ اپنا تجربہ دوسروں تک پہنچائیں اور دکھی انسانیت کی خدمت کریں۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔ (ادارہ)

خط وکتابت کا پتہ: 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور رابطہ: 0322-4773786

ادارہ دارالعمل چشتیہ کا آفیشل فیس بک https://bit.ly/3DZfi05

تجھے حمد ہے خدایا

(امام احمد رضا فاضل بریلویؒ)

وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستاں بتایا
تجھے حمد ہے خدایا

تمہیں حاکم برایا ، تمہیں قاسم عطایا
تمہیں دافع بلایا ، تمہیں شافع خطایا
کوئی تم سا کون آیا

وہ کنواری پاک مریم ، وہ نفخت فیہ کا دم
ہے عجب نشان اعظم مگر آمنہ کا جایا
وہی سب سے افضل آیا

یہی بولے سدرہ والے ، چمن جہاں کے تھالے
سبھی میں نے چھان ڈالے، ترے پایہ کا نہ پایا
تجھے یک نے یک بنایا

ارے اے خدا کے بندو، کوئی میرے دل کو ڈھونڈھو
مرے پاس تھا ابھی تو ابھی کیا ہوا خدایا
نہ کوئی گیا نہ آیا

ہمیں اے رضاؔ ترے دل کا پتہ چلا بمشکل
درِ روضہ کے مقابل وہ ہمیں نظر تو آیا
یہ نہ پوچھ کیسا پایا

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم

رفیع الدین ذکی قریشی اشرفی

جب فراقِ طیبہ میں آنکھوں میں آنسو آگئے
اُن کے صبر و ضبط یاد آ کر مجھے بہلا گئے

آگئی جب یاد روضے کی تو آنسو آگئے
دل پہ تھا جو بوجھ سا ہلکا اُسے فرما گئے

حکمرانی ہر طرف طاغوت کی ہے یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم!
امتی بے طرح سارے آپ کے گھبرا گئے

آگئی جب یاد مجھ کو روضۂ پُر نور کی
میری آنکھوں میں مناظر طیبہ کے لہرا گئے

میرے دل سے جب پریشانی میں نکلا یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم!
میری اُلجھی گتھیاں پل بھر میں وہ سلجھا گئے

مشکلوں سے تنگ آ کر جب پکارا ہے اُنہیں
میری ساری مشکلیں آسان وہ فرما گئے

گرمیٔ رنج و الم نے جب بھی جھلسایا مجھے
اُن کے الطاف و کرم کے سائے مجھ پر چھا گئے

شدت آلام سے جب بھی پریشاں میں ہُوا
وہ تصور میں مِرے آ کر مجھے بہلا گئے

خشک جب ہونے لگا میرا گلستان حیات
میرے آقا اُس پہ بارانِ کرم برسا گئے

جنت طیبہ کے دل افروز نظارے ذکیؔ
یاد آ کر حسرتِ دل کو مری اُکسا گئے

مولانا علی آفاق

مدیر: ماہنامہ خزینۂ روحانیات

76 واں یوم آزادی

محترم قارئین کرام، السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

آج پھر ہم چھہتر واں 76 یوم آزادی منا رہے ہیں۔

اگست کا مہینہ ہمارے لئے خاص ہے، یادگار ہے اور مسلمانوں کی آزادی کے لیے کی گئی عظیم قربانی تحریک، شہادتیں اور ہجرتوں کی داستان ہے۔

لوگ محلہ، علاقہ، ملک اور وطن چھوڑنے اور دوسرے ملکوں میں جا کر آباد ہونا فخر سمجھتے ہیں۔ جبکہ یہ وہ عظیم قربانی، ہجرت اور شہادت کا جذبہ تھا جس کے تحت اس خطہ میں کائنات کی تعداد کے اعتبار سے سب سے بڑی نقل مکانی ہوئی۔ اب سوچنا یہ ہے کہ ہمارے آباؤ اجداد نے یہ قربانی اور شہادتوں کی داستان کیوں رقم کی؟

یہ انتہائی اہم سوال ہے! جس کا جواب صرف اور صرف کلمے کی بنیاد پر معرض وجود میں آنے والا عظیم خطہ تھا۔ جس میں کلمہ کی خوشبو گوندھ دی گئی تھی۔ پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ!

پاکستان کی جدوجہد کے لیے عظیم مسلمان راہنماؤں، عورتوں، مردوں، علماء، دانشور، زعماء اور خطیب حضرات نے بھرپور قربانی پیش کی۔

دو قومی نظریہ کی بنیاد پر مسلمانوں کے لیے الگ خطے کا حصول ممکن بنا مگر کیا آج ہم اس نظریے سے انحراف بھی کر رہے ہیں۔ مکر بھی گئے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول پاک ﷺ کے نظریے اور نظام کی مخالفت کر رہے ہیں۔ جھوٹ، دھوکہ، فریب، ظلم، جبر، ناانصافی، بے روزگاری، لوٹ کھسوٹ اور ناجائز فروشی، گراں فروشی سمیت، کم ناپنا، کم تولنا، بد دیانتی کو ہم نے قومی شعار کے طور پر اختیار کر لیا ہے۔ تسلیم بھی کرتے اور فخر بھی کرتے ہیں۔ لیکن خود جھوٹ، دھوکہ، کم ناپنا، کم تولنا، ظلم، فراڈ اور فریب کو جائز اور اپنا حق سمجھ کر اختیار کرتے ہیں۔ مگر بازار میں بطور گاہک ہر معاملہ شریعت کے مطابق دیکھنے کے خواہشمند ہیں۔ یہ منافقت والا رویہ قوموں کے زوال اور تباہی کا پیش خیمہ ہے۔ طاقتور کے لیے الگ قانون اور کمزوری کے لیے علیحدہ قانون ہماری تباہی کی پہلی اینٹ ہے۔ لہٰذا ہمیں اپنا قبلہ درست کرتے ہوئے اخلاق، انصاف، عدل کو قائم کرتے ہوئے پاکستان کو اسلامی ، فلاحی ریاست بنانے کے لیے اپنے حصے کا دیا جلانے کا عزم کرنے کا دن ہے۔ آیئے عہد کریں تعمیر پاکستان میں اپنا حصہ ڈالیں اور قائد کا پاکستان بنائیں۔

اب ہم چلتے ہیں اپنے روحانی موضوع کی طرف تو اس سلسلے میں گذارش ہے کہ جب تک آپ نا امیدی، مایوسی، ناکامی اور لاعلاج ہونے کے حوالے سے سوچ کی چادر کو آگ میں پھونک نہیں دیتے۔ اس وقت تک شفاء، کامیابی، عزت، رزق وافر اور دشمنوں کی تباہی اور آپ سمیت آپ کے گھرانے کی حفاظت خواب ہی رہے گا۔ لہٰذا یقین رکھیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو روحانیات کی دنیا ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے مطالعے کی توفیق بخشی ہے تو پھر آپ کا مسئلہ حل ہو چکا ہے۔ کیونکہ "اسباب خیر کا آپ کی دہلیز پر آ کر دستک دینا ہی توفیق ہے۔" لہٰذا اس دنیا میں پہلا اور تاریخ کا واحد رسالہ اور میگزین ہے جو آپ کو مطالعہ کے قابل اور خوبصورت علمی مضامین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ساری دنیا کے ہر کونے میں، پتھر، دریا یا صحراء، پہاڑ، برف یا سمندر ہر خطے میں آپ اپنے گھر بیٹھے اپنے روحانی معاملات کی درستگی روحانی امراض سے شفاء، آئندہ حفاظت، حصار، تحفظ اور دفاع کے ساتھ ساتھ دشمن کی تباہی، بربادی کے ساتھ دشمن کو سبق سکھانے کی ہر مہم اور عمل سکھایا جاتا ہے۔ بس محنت آپ نے کرنی ہے، ہمت آپ نے کرنی ہے، سپورٹ، نگرانی، راہنمائی وغیرہ ہم سکھا کر آپ کو ہمیشہ کے لیے روحانی اعتبار سے پیروں پر کھڑا کرنے کی صلاحیت پیدا کی جاتی ہے۔

لہٰذا سستی، نا اُمیدی کی چادر کو اتار پھینکیں اور قدم بڑھائیں اور بقیہ زندگی کو روحانی اعتبار سے پُرسکون، عافیت بھرا بنانا سیکھیں۔

لہٰذا اپنی اور اپنے پیاروں کی زندگی میں 5 چیزوں کی اہمیت سمجھیں اور ادارے اور ادارے کے خدام کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

(1) روحانی علاج۔ (2) روحانی تشخیص۔ (3) روحانی حفاظت۔ (4) روحانی اعمال کا مالک بننا۔ (5) دشمن کی تسلی بخش مرمت سیکھنا۔

لہٰذا زندگی، وقت اور روپے کو قیمتی بنائیں اور روحانی اعمال سیکھیں۔

اللہ تعالیٰ کے ناپسندیدہ بندے

ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا تمام لوگوں میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک تین (3) شخص سب سے زیادہ مبغوض (ناپسند) ہیں:

(1) حرم میں حد سے تجاوز کرنے والا۔ (2) اسلام میں جاہلیت کی رسمیں (کفر کے طریقے) کا خواہش مند۔ (3) ناحق کسی کے خون بہانے کا طلب گار۔

(صحیح البخاری، باب من طلب دم امرء بغیر حق:6882)

تشریح: اس حدیث مبارک میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ آلہ وسلم نے تین (3) لوگوں سے متعلق ارشاد فرمایا کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ ناپسند ہیں۔ (1) ان میں پہلا وہ شخص ہے جو حرم یعنی بیت اللہ اور اس کے ارد گرد علاقہ جسے حرم کہا جاتا ہے اور وہاں جا کر ایمان تازہ اور اعمال کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے لیکن اگر کوئی ایسا بد بخت ہو جو اس جگہ بھی حرام کام کرنے سے باز نہ آئے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ کی بعثت سے پہلے اساف مرد اور نائلہ نامی عورت نے بیت اللہ کے پاس زنا کا ارتکاب کیا تو اللہ رب العزت نے اسی جگہ انہیں پتھر کا بنا دیا۔ انہیں بڑے لمبے عرصہ تک صفا اور مروہ کی پہاڑیوں پر عبرت کے لیے رکھا گیا تھا، بعد میں مشرکین نے ان کی پوجا شروع کر دی تو فتح مکہ مکرمہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے انہیں تڑوا دیا تھا۔

(2) دوسرا وہ شخص ہے جو اسلام میں بھی کفریہ کاموں کی خواہش رکھتا ہے۔ اسلام ایسا مذہب ہے جس نے انسانوں کو کفر کی گندگی سے نکال کر پاکیزہ زندگی گزارنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ لیکن اگر کوئی ایسا بد بخت ہو جو اس نعمت کی ناشکری کرے اور کفر کی رسموں کی گندگی اپنانے کی خواہش رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔

(3) تیسرا وہ شخص جو کسی کا ناحق خون بہانا چاہتا ہو ایسے شخص کو بھی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ **ترجمہ:** اگر کسی نے کسی کو ناحق قتل کیا تو گویا اس نے ساری انسانیت کو قتل کیا اور اگر کسی نے دوسرے انسان کی جان بچائی تو گویا کہ اس نے ساری انسانیت کی جان بچالی۔

سخاوت بھی رحم دلی سے ہوتی ہے

حدیث شریف میں آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: ”ارحمو من فی الارض یرحمکم من فی السماء“

(ابوداؤد، رقم الحدیث: 4941 صحیح اغیرہ)

”تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔“

آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سخاوت ماہ رمضان میں تیز آندھی سے بھی زیادہ تیز ہوتی تھی۔

(صحیح البخاری، کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ﷺ رقم الحدیث:06)

یوں تو ساری زندگی انسان کو خیر خواہ اور سخی بننا چاہیے، لیکن ماہ رمضان سخاوت کرنے کے لیے سب سے بہتر وقت اور مہینہ ہے۔ احادیثِ مبارکہ میں سخاوت اور سخی کے لیے بہت سے فضائل بیان کئے گئے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”خبردار! تمام سخی جنت میں ہوں گے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں۔“

(الترغیب والترھیب من البخل والشح، رقم الحدیث:15 اسنادہ ضعیف)

سخاوت کی مختلف اقسام

لہٰذا مالی سخاوت بھی کرنی چاہیئے اور مہنگائی کے زمانہ میں مالی سخاوت کم ہو سکے تو دوسری سخاوتیں بھی بہت ساری ہیں۔ مطلب یہ کہ بندہ کسی کی خدمت کردے یہ بھی سخاوت ہے اور اچھی بات بتلا دے یہ بھی سخاوت ہے اور نظروں کا اچھا استعمال بتلا دے تو یہ آنکھوں کی سخاوت ہے، اور محبت کی نگاہ سے ماں باپ کو اور بچوں کو دیکھ لے تو یہ بھی سخاوت ہے اور زبان کا اچھا استعمال بتلانا اور برے استعمال سے چن چن کر روکنا یہ زبان کی سخاوت ہے اور اس کے علاوہ کانوں کا اچھا استعمال بتلانا کانوں کی سخاوت ہے، اگر آپ دکان دار ہیں تو چیزوں کو سستا کرنا بھی سخاوت میں سے ہے، ہاتھوں سے تعاون کرنا ہاتھوں کی سخاوت ہے اور کسی بھی قسم کی سخاوت کی نیت سے چل کر جانا بھی سخاوت میں سے ہے

سلسلۂ چشتیہ

حضرت مولانا محمد عاصم اعظمی رحمہ اللہ

اس خاندان تصوف کے بانی حضرت شیخ ابو اسحاق چشتی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

اس سلسلہ کی اشاعت شہر چشت سے ہوئی۔ پھر سنجان، دمشق، سجستان، خراسان اور نیشا پور سے ہوتا ہوا یہ سلسلۂ طریقت سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین حسن چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے ذریعے ہندوستان آیا۔

اس سلسلہ میں ظاہر سے زیادہ باطن پہ زور دیا گیا ہے (اور پابندی شریعت قدم قدم پر لازم رکھی گئی ہے)۔

سلسلۂ چشتیہ کی چند اہم خصوصیات

1 سلسلۂ چشتیہ کی اساس عشقِ الٰہی پر ہے۔ طاعت، عبادت، ریاضت اور مجاہدہ کا اصل مقصود سوزِ عشق کا فروغ ہے۔

2 نفس کی مخالفت اس سلسلے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ چشتی مشائخ کے نزدیک (النفس الصنم الاکبر) نفس سب سے بڑا بت ہے، جس کی شکست وریخت راہِ سلوک کی پہلی منزل ہے۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ”چشتی صوفیاء کے نزدیک نفس کی مخالفت عبادت کی اصل ہے اور اس کی موافقت کفر ہے۔“

نفس کو زیر کرنے اور اس کی تادیب کے لئے مجاہدات پہ زور دیا جاتا ہے۔ ریاضت ومجاہدہ کا مقصود تصفیہ باطن اور تزکیہ اخلاق ہے۔

حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ”ہمارے خاندان (چشت) میں دو باتیں ہیں۔ ایک تو مخالفتِ ہوا و نفس اور دوسرے ایصالِ منفعت للغیر۔“

3 اخلاقی اقدار اور صفاتِ محمودہ کے فروغ پر خاص زور دیا جاتا ہے۔

اخلاقی تادیب وتربیت کے دو پہلو ہیں جو ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ ایک تخلیہ ہے اور دوسرا تحلیہ۔

تخلیہ یہ ہے کہ طبعی اور رذیل اخلاق جیسے کینہ، تکبر، غصہ، غیبت اور بدگوئی وغیرہ سے نفس کو پاک کیا جائے۔ اخلاق محمودہ جیسے سخاوت، عفو درگزر، صبر وتحمل، ایثار، توکل وقناعت کی آبیاری کا نام تحلیہ ہے۔

چشتی مشائخ نہ کسی کو حقیر سمجھتے ہیں نہ کسی کو ضرر پہنچاتے ہیں۔ وہ جاہ وترفع پر تواضع وانکساری کو ترجیح دیتے ہیں۔ خلقِ خدا کے ساتھ ان کا سلوک حد درجہ محبت، شفقت اور درگزر کا ہوتا ہے۔ مخلوقِ خدا کی اذیتوں اور سختیوں پر ضبط وتحمل سے کام لیتے ہیں اور اسے روحانی ترقی کا ذریعہ گردانتے ہیں۔ فقر کو غناء پر ترجیح دیتے ہیں۔

4 اس سلسلہ میں علومِ ظاہری، باطنی کی بڑی جامعیت اور شریعت میں توازن وتلازم پایا جاتا ہے۔ وہ علومِ ظاہری کی تکمیل کو ضروری سمجھتے ہیں۔ قرآن کریم کا حفظ اور اس سے حد درجہ شغف چشتی صوفیاء کا امتیازی نشان ہے۔ چشتی صوفیاء افراط وتفریط کے مغالطوں میں پڑنے سے بچتے ہیں اور زہد وترکِ دنیا کے باب میں غلو نہیں کرتے۔ شریعت کی پاسداری کا پورا پورا لحاظ کرتے ہیں۔

5 چشتی صوفیاء سماع کا خاص ذوق رکھتے ہیں۔ ان کے نزدیک سماع سوزِ عشق کو بھڑکانے کا ایک موثر ذریعہ ہے۔ لیکن سماع (مزامیر سے پاک اور دوسرا) شرائط اور قیود کے ساتھ ہونا چاہئے۔

6 اس سلسلے میں ایک شب وروز کا مجاہدہ ہے۔ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ”ہمارے سلسلہ میں ایک شب وروز کا مجاہدہ ہے اور زیادہ ذوقِ مشاہدہ ہے۔“

باتیں ان کی یاد رہیں گی

طلب صادق ہو تو ایسی

ایک صاحب تھے دیوان جی "اللہ دیا"، انہوں نے حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کی درخواست کی۔ آپؒ نے فرمایا گنگوہ جا کر حضرت گنگوہی سے بیعت ہو جاؤ۔ عرض کیا، بہت اچھا۔ گنگوہ پہنچے اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہوئے پھر واپس دیوبند آئے اور حضرت نانوتوی سے پھر بیعت کی درخواست کی۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا، میں نے تو تم سے کہا تھا کہ گنگوہ جا کر حضرت گنگوہی سے بیعت جاؤ۔ عرض کیا، میں بیعت ہو آیا ہوں اور جہاں جہاں آپ فرمائیں گے وہاں جا کر بیعت ہو آوں گا۔ مگر دل سے تو آپ ہی سے بیعت ہوں گا۔ کیا ہی ٹھکانہ ہے اس تعلق و محبت کا۔ آخر حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو بیعت فرمالیا۔ دیکھئے کیا لطیف ادب واطاعت ہے۔

تکبیر اولیٰ کے فوت ہونے پر افسوس

تذکرۃ الرشید میں لکھا ہے کہ دیوبند کے جلسہ دستار بندی میں جب مولانا محمد نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ تشریف لائے تو غالباً عصر کی نماز میں ایک دن ایسا اتفاق پیش آیا کہ مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نماز پڑھانے کے لیے مصلے پر جا کر کھڑے ہوئے مخلوق کے اژدھام اور مصافحہ کی کثرت کے باعث باوجود عجلت کے جس وقت آپؒ جماعت میں شریک ہوئے تو قرأت شروع ہوگئی تھی۔ سلام پھیرنے کے بعد دیکھا گیا تو آپؒ اداس تھے اور چہرے پر اضمحلال برس رہا تھا۔ اور آپ رنج کے ساتھ یہ الفاظ فرما رہے تھے افسوس بائیس (22) برس کے بعد آج تکبیر اولیٰ فوت ہوگئی۔

عاجزی اور انکساری

ارواح ثلاثہ میں مولانا امیر الدین صاحب کی روایت سے لکھا ہے کہ ایک دفعہ بھوپال سے حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کو ملازمت کی پیشکش ہوئی اور پانچ سو (500) روپے تنخواہ مقرر کی گئی۔ جب آپ سے جانے کے لیے اصرار کیا گیا تو فرمایا وہ مجھے صاحب کمال سمجھ کر بلاتے ہیں اور اسی بنا پر وہ پانچ سو (500) روپے دیتے ہیں۔ مگر میں اپنے اندر کوئی کمال نہیں پاتا۔ پھر کس بنا پر جاؤں گا۔ بہت اصرار کے باوجود تشریف نہیں لے گئے۔

کھانے میں تواضع

حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے طالب علمی کے زمانہ میں مکان میں تنہا ایک جگہ رہتے تھے، روٹی کبھی پکوا لیتے تھے تو کئی وقت تک کھا لیتے تھے۔

معاف کریں، بھول جائیں اور آگے بڑھیں....؟؟

استاد: اگر تمہارے پاس 400.86 روپے ہوں اور کوئی ڈاکو ان میں سے 10 روپے چھین کر بھاگ جائے تو تم کیا کرو گے؟

کیا تم اس کے پیچھے بھاگ کر اپنی لوٹی ہوئی 10 روپے کی رقم واپس حاصل کرنے کی کوشش کرو گے؟؟ یا پھر اپنے باقی کے بچے ہوئے 390.86 روپے کو حفاظت سے لے کر اپنے راستے پر چلتے رہو گے؟

طلبا نے کہا: ہم 10 روپے کی حقیر رقم کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنے باقی کے پیسوں کو حفاظت سے لے کر اپنے راستے پر چلتے رہیں گے۔

استاد نے کہا: تمہارا بیان اور مشاہدہ درست نہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ زیادہ تر لوگ اُن 10 روپے کو واپس لینے کے چکر میں ڈاکو کا پیچھا کرتے ہیں اور نتیجے کے طور پر اپنے باقی کے بچے ہوئے 390.86 روپے سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔

طلباء نے حیرت سے استاد کو دیکھتے ہوئے کہا: سر، یہ ناممکن ہے، ایسا کون کرتا ہے؟

استاد نے کہ: یہ 400.86 اصل میں ہمارے ایک دن کے سیکنڈز ہیں۔ کسی 10 سیکنڈز کی بات کو لے کر یا کسی 10 سیکنڈز کی ناراضگی اور غصے کو بنیاد بنا کر ہم باقی کا سارا دن سوچنے، جلنے اور کُڑھنے میں گزار کر اپنا باقی کا سارا دن برباد کرتے ہیں۔ یہ والے سیکنڈز ہمارے باقی بچے ہوئے 390.86 سیکنڈز کو بھی کھا کر برباد کر دیتے ہیں۔

باتوں کو نظر انداز کرنا سیکھئے۔ ایسا نہ ہو کہ آپ کا کوئی وقتی اشتعال، ناراضگی آپ سے آپ کے سارے دن کی طاقت چھین کر لے جائے۔

معاف کریں، بھول جائیں اور آگے بڑھیں......؟؟

روحانیات وتصوف

قیصر احمد بی اے (کراچی)

اسمائے الٰہی کی فضیلت

بیان کرتے ہیں کہ طوفانِ نوحؑ کے وقت جب حضرت نوحؑ اور ان کے ساتھی کشتی میں سوار ہو گئے اور کشتی آسمان وزمین کے درمیان پانی کی لہروں سے ٹکرانے لگی تو گرم پانی کی حرارت سے کشتی کا روغن پگھلنا شروع ہو گیا اور اندیشہ ہوا کہ کشتی غرق نہ ہو جائے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے اسماء مبارک سے ایسا نام حضرت نوح علیہ السلام کو القاء فرمایا، جس کی برکت سے کشتی کا روغن پگھلنا بند ہو گیا اور غرقابی کا اندیشہ نہ رہا۔ چنانچہ وہ نام ''اہیًا اشراہیًا'' ہے، جس کے معنی ہیں ''یَاحَیُّوْمُ یَاقَیُّوْمُ''۔ توریت میں مذکور ہے کہ اس نام کی برکت سے ڈوبتا ہوا، ڈوبنے سے محفوظ رہتا ہے۔ یہی نام اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو سکھایا تھا، جس کی برکت سے آگ ان پر سلامتی کے ساتھ سرد ہو گئی تھی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی یہ نام اپنے صاحبزادے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو بتایا تھا، جس وقت ان کو مکہ معظّمہ کی وادی غیر ذی زرعہ میں چھوڑ کر آئے تھے اور فرمایا تھا ''جب کوئی ضرورت پیش آئے، اسی نام کے ساتھ دعا کرنا۔'' چنانچہ جب حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو پیاس کی شدت نے بیتاب کیا اور ان کی والدہ کو پریشانی لاحق ہوئی تو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے اس نام کے ذریعہ اللہ سے دعا کی، جس کی برکت سے زمزم کا چشمہ جاری ہو گیا۔ یہی نام رہتی دنیا تک حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد اور ملاحوں کی زبان پر جاری رہے گا۔ (قلیوبی)

فائدہ: اللہ کے ناموں میں سے کوئی نام کسی زبان میں بھی ہو، جب اس کو پڑھا جاتا ہے، ضرور اس کا اثر ظاہر ہوتا ہے۔

حضرت طارق رحمۃ اللہ علیہ کا صدقہ

مشہور ہے کہ حضرت طارق جب ایک اندھیرے کنوئیں میں گر گئے تو اس کنوئیں پر سے کچھ حاجیوں کا گزر ہوا جنہوں نے اس کنوئیں کو دیکھ کر کہا کہ اس کنوئیں کا منہ بند کر دینا چاہیئے، ایسا نہ ہو کہ کوئی اس میں گر جائے۔ یہ سن کر حضرت طارقؒ نے اپنے دل میں سوچا کہ اگر تو سچا ہے تو خاموش رہ۔ چنانچہ حاجی مسافر اس کنوئیں کو بند کر کے چلے گئے۔ انہیں کیا معلوم تھا کہ اس میں حضرت طارقؒ موجود ہیں۔ کنوئیں میں پہلے ہی سے اندھیرا تھا، اب اور بھی تاریک ہو گیا۔ دیکھتے ہیں کہ ان کے قریب ہی کنوئیں میں قدرتی دو (2) چراغ روشن ہوئے، جن کی روشنی میں معلوم ہوا کہ ایک بہت بڑا اژدہا ان کی طرف چلا آ رہا ہے۔ سوچنے لگے، سچ اور جھوٹ تو اب ظاہر ہو گا۔ دیکھئے اس کا کیا انجام ہوتا ہے؟ چنانچہ جب وہ اژدہا ان کے قریب آیا تو خیال کیا، بس اب یہ مجھے لگ جائے گا لیکن خدا کی قدرت اژدہا سیدھا کنوئیں کے دہانے کی جانب چڑھتا چلا گیا اور کنوئیں کے اوپر جو کچھ پاٹا گیا تھا، اس سب کو علیحدہ کر کے اپنی دُم حضرت طارقؒ کی گردن سے پیر تک لپیٹ کر ڈول کی طرح ان کو کنوئیں سے باہر لے آیا اور اپنی دُم حضرت طارقؒ کی گردن سے نکال کر چلتا بنا۔ حضرت طارقؒ نے ایک غیبی آواز سنی کہ کوئی کہنے والا کہہ رہا ہے کہ اے طارق! دیکھ یہ تیرے رب کی مہربانی ہے کہ اس نے تیرے دشمن کو تیری نجات کا ذریعہ بنا دیا۔ چنانچہ اس واقعہ کے بعد اللہ پر سچا بھروسہ کرنے کے سبب ان کا نام طارقِ صادق مشہور ہو گیا۔ (قلیوبی)

فائدہ: سچ ہے جو اللہ تعالیٰ پر سچا بھروسہ کرتا ہے، اللہ تعالیٰ جل جلالہ غیب سے اس کی مدد کے سامان وذرائع بہم پہنچا دیتا ہے۔

تجلیات جفر

مصنف: بابر سلطان قادری — صفحات: 336 — قیمت: 1000 روپے

☆ مستحصلہ الو طالبی ☆ استخراج حروف محور ☆ اصطلاحات جفر ☆ اقسام بساط ☆ دائرہ البروج وسیارگان ☆ منسوبات حروف ☆ دائرہ ظلمانی منسوبات رات ☆ دائرۃ الشمس (نہار) ☆ دائرۃ الشمس ☆ دائرہ ایام اسود ☆ دائرۃ العناصر والا مراض ☆ قواعد الاسماء ☆ سطر یازدہم حروف قوی ☆ دائرہ خمسہ ☆ الجفر الاحمر ☆ حصول مستحصلہ کے نقوش ☆ رموز تکسیر ☆ حروف مستحصلہ ☆ قانون آفاقی مثلثات ☆ استخراج حروف ☆ تصور قدم ☆ قدم اور ازل کا فرق ☆ ازل اور ابد ☆ راح کی حقیقت ☆ الجفر اسود ☆ الجفر النور ☆ الجفر الناطق ☆ بدوح ☆ نقاط مستحصلہ بدوح یلن ☆ تجلیات ہمزاد ☆ قوانین استخراج مستحصلہ ☆ شرح اعداد بدوحیلن ☆ جدول اصحاح ☆ مبتدی کیلئے ☆ جفر مصحف فاطمہ ☆ استخراج الطالع

0332-4487877 www.maktabatulaarif.com مکتبۃ العارف
0323-4487877 042-35410586 maktabatulaarif

روحانی زندگی کے سات سنہرے اصول

مصنف: دیپک چوپڑا — صفحات: 80 — قیمت: 300 روپے

☆ بے داغ امکانی توانائی کا قانون ☆ بے داغ امکانی قوت کے قانون پر عمل پیرا ہونا ☆ لین دین کا قانون ☆ کرم کا قانون، سبب اور انجام ☆ فطری بے ساختگی یا تسلسل حیات کا قانون ☆ نیت اور خواہشات کا قانون ☆ قانون عدم وابستگی ☆ دھرم کا قانون یعنی مقصد حیات

0332-4487877 www.maktabatulaarif.com مکتبۃ العارف
0323-4487877 042-35410586 maktabatulaarif

فانوس الجفر

مصنف: خالد خان خلجی — صفحات: 112 — قیمت: 500 روپے

☆ اصطلاحات الجفر ☆ حروف مکتوبی ☆ حروف ملفوظی ☆ ریاضت ☆ علم الجفر ☆ حل مستحصلہ ☆ سوال قائم کرنا ☆ سوال میں اسماء کا استعمال ☆ اعداد جمل کبیر ☆ بسط تضعیف ☆ مستحصلہ تکسیر صدر موخر ☆ مستحصلہ اسماء خداوندی ☆ مستحصلہ امام رضا ☆ مستحصلہ آیات الٰہی ☆ محبت وشادی ☆ چور، ڈاکو، قاتل، ساحر، گمشدہ کا مقام ☆ اپنے ملک یا غیر ملک سفر کے واسطے ☆ فلاں سے صلح ہوگی یا نہیں؟ ☆ مٹھی، جیب یا دفنے میں کیا ہے؟ ☆ فلاں نے گواہی سچی دی ہے یا نہیں ☆ الیکشن، کامیابی، مقدمہ، وغیرہ

0332-4487877 www.maktabatulaarif.com مکتبۃ العارف
0323-4487877 042-35410586 maktabatulaarif

دینی اور دنیوی پریشانیوں کا شرعی علاج

صفحات: 411 — قیمت: 400 روپے

☆ دعائے حاجت ☆ تسخیر قلوب ☆ ظالم پر غلبہ کیلئے ☆ صدقہ سے مصیبتوں کا دفعیہ ہوتا ہے ☆ ہر مصیبت اور نقصان سے حفاظت ہوگی ☆ شیطان سے حفاظت رہے گی ☆ تنگی معاش دور ہوگی ☆ آنحضرت ﷺ کی زیارت ☆ عامل کیلئے شرائط ☆ حصار کی ترکیب ☆ جنتی تعویذ ☆ جانی مالی اور زچہ بچہ کی حفاظت ☆ آسیب زدہ یا مرگی کے مریض کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہنا مفید ہے۔ ☆ مردوں کے امراض کا علاج ☆ نامردی ☆ پیشاب کی بندش ☆ درد گردے کیلئے ☆ پیشاب کی زیادتی ☆ میاں بیوی کی محبت ☆ اولاد کا نہ ہونا ☆ جس کا حمل گر جاتا ہو ☆ ہمیشہ لڑکی ہونا ☆ لڑکا پیدا ہوگا ☆ عدم ابھار اور درد پستان ☆ ورم پستان ☆ کمی حیض کثرت حیض ☆ نظر بد سے حفاظت کیلئے ☆ پیٹ کا درد ناف ٹل جانا ☆ دشمن سے حفاظت ☆ مصائب اور مشکلات کے وقت کی دعائیں ☆ خونی بواسیر ☆ پتھری گردہ مثانہ ☆ مرگی کا مجرب نسخہ

0332-4487877 www.maktabatulaarif.com مکتبۃ العارف
0323-4487877 042-35410586 maktabatulaarif

عملیات رزق

ادائیگی قرض، رزق میں خیر و برکت اور وسعت کے لیے مجرب و آزمودہ وظائف

صفحات: 364 — قیمت: 500 روپے

مؤلف: حجۃ الاسلام عابد عسکری (فاضل قم)

** تجارت میں نفع ہو ** کشائش رزق کے لیے ** رزق کے لے ایک لاجواب عمل ** کاروبار ترقی کے لیے ** غیب سے رزق کا حصول ** تنگدستی و پریشانی کے دفعیہ کے لیے ** فقر و فاق کے دفعیہ کے لیے ایک مختصر وظیفہ ** رزق کے لیے چند سورتوں کا وظیفہ ** سورہ واقعہ، مزمل، واللیل، الم نشرح کی تلاوت کے فوائد ** اسباب تنگدستی ونحوست ** ایک معجزہ نما عمل ** زراعت کی شادابی کے لیے ** امیر و کبیر ہو جانا ** امداد غیبی ہو ** وسعت رزق ** برکت والا عمل ** ترقی کاروبار کے لیے سریع الاثر عمل ** فتوحات غیبی ** بھوک پیاس غائب ** ملازمت کا ملنا ** کشائش امور اور روزی بے محنت ** رزق میں خیر و برکت کے لیے ** بے روزگاری دور ہو ** رزق، تونگری اور مالداری کے لیے ** عمل برائے حصول دولت

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif مکتبۃ العارف
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com

مجرباتِ اکابر

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

سحر سے نجات کے لئے

(از قطب الارشاد مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ المتوفی ۱۳۲۳ھ)

(وحضرت مولانا رئیس المفسرین حسین علی رحمۃ اللہ المتوفی ۱۳۶۳ھ)

چہل کاف کا عمل رد سحر اور شفائے مسحور کے لئے تیر بہدف ہے یہ عمل تواتر سے ثابت ہے اور مجرب ہے۔ طریقہ یہ ہے اول درود شریف گیارہ (11) بار پڑھے۔ پھر گیارہ (11) بار استغفار پھر چہل کاف ۴۱ بار۔ پھر استغفار گیارہ (11) بار۔ پھر درود شریف گیارہ (11) بار پڑھ کر مریض پر پھونکیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خدا کی رحمت سے سحر زدہ کو شفاء حاصل ہوگی۔

درود شریف:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

استغفار یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

چہل کاف یہ ہے:

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ لَكَكٍ تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكٍ لَكَكٍ كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهُ يَا كَوْكَبًا كَانَ يَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكِ۔

خوف دشمن اور دفع مصیبت کے لیے مجرب

ابوالحسین قزوینی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جس شخص کو کسی دشمن یا اور کسی مصیبت کا خوف ہو، اس کے لیے ''لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ'' کا پڑھنا امان ہے۔ اس کو امام جزری رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کر کے فرمایا کہ یہ عمل آزمودہ اور مجرب ہے۔ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر مظہری میں اس کو نقل کر کے فرمایا کہ مجھے میرے شیخ حضرت مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ نے خوف وخطر کے وقت اس سورۃ کے پڑھنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ ہر بلاء ومصیبت کے دفع کے لیے اس کی قرأت مجرب ہے۔ حضرت قاضی صاحب موصوف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے بھی بارہا اس کا تجربہ کیا۔

فائدہ: سورۂ قریش کا ستر (۷۰) مرتبہ پڑھنا اسلاف سے منقول ہے۔

(معارف القران، ص ۸۲۴ ج ۸)

ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل کرنے کے لیے

(از مولانا محمد یسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

دن رات میں کوئی فارغ وقت مقرر کر کے سورۂ ''لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ'' اکیس (21) مرتبہ پڑھ کر انگشت شہادت سے اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کرے۔

یہ عمل ایک جلسے میں تین (3) مرتبہ کر کے اٹھ جائے۔ اگلے روز اسی وقت پھر یہی عمل کرے۔ چند روز تک مسلسل یہ عمل کرتا رہے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہو گی۔ یہ عمل والد صاحب کو حکیم عبدالوہاب صاحب انصاری معروف حکیم نابینا دہلوی سے حاصل ہوا اور لکھا ہے کہ مجرب ہے۔

نقش برائے مقہوریٔ اعداء

(از شاہ عبدالغنی پھول پوری رحمۃ اللہ علیہ)

زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھا جائے۔

ر	ہ	ا	ق
ا	ق	ر	ہ
ق	ا	ہ	ر
ہ	ر	ق	ا

نوٹ: اس تعویذ کو لکھنے کی خاص ترتیب ہے، یہ ''قہار'' کا تعویذ ہے۔ خ

بچوں کے لیے روحانی علاج

شیخ العاملین
حضرت مولانا امان اللہ نقشبندی رحمہ اللہ

برائے مسان

یہ نقش چہل کاف کا ہے۔ ہر قسم کے آسیب و مسان کے لیے لوبان کی دھونی دے کر باندھ دیا جائے۔ نقش یہ ہے:

٣٩١١	٣٩٠٤	٣٩٠٩
٣٩٠٦	٣٩٠٨	٣٩١٠
٣٩٠٧	٣٩١٢	٣٩٠٥

بچوں کا رونا

خواہ بچہ کتنا ہی روتا ہو تو ان نقوش کو لکھ کر ایک گلے میں ڈالے، دوسرا سر کے نیچے رکھے۔ ان شاء اللہ، فوراً چپ ہو جائیں گے۔

ضاً	ضاً	رٌ	ضاً
ر	یاً	۱۳۲	۳۶
۳۹	۶۲	۸۹	۶۱
۵۳	۶۱	۱۳	۸۹

گلے میں باندھے

ص	ل	ع	ع
۱۳	۱۷	۱۷	و
۱۳	۱۶	۷	ع
۱	۲	۲۴	۱۵

سر کے نیچے

برائے ام الصبیان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الۡحَبِّ وَالنَّوٰی یُخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ الۡمَیِّتِ وَمُخۡرِجُ الۡمَیِّتِ مِنَ الۡحَیِّ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ فَاَنّٰی تُؤۡفَکُوۡنَ۔ یَابُدُّوۡحُ۔

گلے میں ڈالے۔

برائے مسان

جس بچہ کو دورے پڑتے ہوں، ہاتھ پاؤں ٹھنٹ بندھ جاتے ہوں، منہ سے جھاگ آتی ہو، آنکھیں چڑھ جاتی ہوں تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے اور چار (4) عدد کوری ٹھیکری پر لکھ کر بچے کی چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھ دے۔ بچہ کی چارپائی چالیس (40) روز تک ایک ہی جگہ پڑی رہے۔ پھر جب بچہ تندرست ہو جائے تو وہ ٹھیکریاں کنویں میں ڈال دیں۔

نقش یہ ہے:

١٠٣٦	١٠١٠	١٠٢٤	١٠٢٠
١٠٢٢	١٠٣٢	١٠٣٤	١٠١٢
١٠٢٦	١٠٢٠	١٠١٤	١٠٤٠
١٠١٦	١٠٣٨	١٠٢٨	١٠١٨

جو بچہ دودھ نہ پیتا ہو

اس تعویذ کو لکھ کر شیر مادر میں یا آب دریا میں گھول کر پلائیں۔ دن میں تین (3) بار۔ ق، و، م کے سر موٹے کر کے بنائیں۔

یاقیوم یاقیوم یاقیوم یاقیوم
یاقیوم یاقیوم یاقیوم یاقیوم

مسان

جن بچوں کو سوکھے کا مرض ہو جاتا ہے، وہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتے ہیں اور کچھ دنوں بعد مر جاتے ہیں۔ اس کے لیے لکھ کر گلے میں ڈالے۔ مجرب ہے۔

کالوا لا سالو لا کلب و ما ا یر سو ما

دُعائے برہتیہ کے اٹھائیس اسماء کے مختصر خواص

حضرت صوفی غلام سرور شباب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

جولائی ۲۰۲۳ء کے شمارے میں سات (7) سے تیرہ (13) اسم کے خواص بیان کیے گئے تھے۔اب مزید ملاحظہ فرمائیے۔

چودہواں اسم: (نَمُوشَلخِ)

☆جو کوئی اس اسم کو مع اس آیت کے ہفتہ کے دن سورج نکلنے سے پہلے اُس کھجور کے پتے پر لکھے جسے ابھی پھل نہ آیا ہو۔اور پھر کھانسی کے مریض کے گلے میں لٹکا دے تو اُسے صحت ہوگی۔آیت یہ ہے۔"فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ وَمَا اَدْرٰلکَ مَا الْعَقَبَةُ فَکُّ رَقَبَةٍ"

☆اگر قیدی اس اسم کی ہمیشہ تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے جلد رہا ہو جائے گا۔

☆اگر کسی فرد کے بدن سے خون جاری ہو۔تو اُس کے کپڑے پر ان اسماء کو لکھا جائے اور پھر اُسی کے گلے میں بطور تعویذ ڈال دیا جائے۔اللہ تعالیٰ کے حکم سے خون رُک جائے گا۔خواہ کسی بھی قسم کا ہو۔اسماء یہ ہیں۔

"قَلْنَهُوْدِ۔بَرْشَانِ۔کَظْهِیرِ۔نَمُوْشَلْخِ۔"

☆اگر کوئی جابر ظالم پریشان کرتا ہو تو لوح سرب پر اُس کی شکل بنائیں اور اُس کے دائیں طرف (نَمُوْشَلْخِ) اور بائیں طرف (بَرْهَیُوْلَا) اور اُس کے سر کے اوپر (خلشوعن الویھوب) اور پھر جو مقصد ہو وہ نیچے تحریر کریں پھر اس لوح کو کزبرہ اور مقل ازرق کا بخور دے کر اُس کے گھر میں دفن کر دے تو مقصد پورا ہوگا۔

پندرہواں اسم: (بَرْهَیُوْلَا)

☆عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تسبیح ہے۔اور اس کے خواص یہ ہیں کہ اگر کوئی مال تجارت، کاروبار میں خیر و برکت اور ترقی چاہتا ہو تو نقش مثلث میں اس اسم کو لکھے اور پھر اس کے اردگرد بھی اسی اسم کو تحریر کرے۔اور پھر اسے کاروبار کی جگہ لٹکائے۔مقصد پورا ہوگا۔نقش کی صورت یہ ہے۔

بَرْهَیُوْلَا۔بَرْهَیُوْلَا۔بَرْهَیُوْلَا

بَرْهَیُوْلَا	بَرْهَیُوْلَا	بَرْهَیُوْلَا
بَرْهَیُوْلَا	بَرْهَیُوْلَا	بَرْهَیُوْلَا
بَرْهَیُوْلَا	بَرْهَیُوْلَا	بَرْهَیُوْلَا

بَرْهَیُوْلَا۔بَرْهَیُوْلَا۔بَرْهَیُوْلَا

☆اگر کسی امر کے بارے میں خواب میں آگاہی حاصل کرنا چاہیں تو چھ (6) رکعت نماز نفل ادا کریں، ہر دو رکعت پر سلام پھیریں اور ہر سلام کے بعد سات (7) مرتبہ پڑھیں۔"بَرْهَیُوْلَا۔تَوَکَّلُوْا یَا خُدَّامَ هٰذَا الْاِسْمِ الشَّرِیْفِ اَرُوْنِیْ (کذا و کذا)۔اور پھر سو جائے۔ان شاءاللہ تعالیٰ خواب میں مکمل آگاہی ہوگی۔

سولہواں اسم: (بَشْکَیْلَخِ)

☆اگر کوئی سوموار کے روز اس اسم کو سات (7) مرتبہ مع ان کلمات کے لکھے اور پھر آشوب چشم والے مریض کے گلے میں ڈال دے تو مریض کو صحت ہوگی۔تحریر اس طرح ہوگی۔

بَشْکَیْلَخِ۔بَشْکَیْلَخِ۔بَشْکَیْلَخِ۔بَشْکَیْلَخِ۔بَشْکَیْلَخِ۔بَشْکَیْلَخِ۔بَشْکَیْلَخِ۔

یَا نَاظِرِی بِیَعْقُوْبَ اُعِیْذُ کَمَا ـ بِمَا اسْتَعَاذَ بِهٖ اِذْ مَسَّهُ الْکَمَدُ

قَمِیْصُ یُوْسُفَ اِذْ جَاءَ الْبَشِیْرُ بِهٖ ـ بِحَقِّ یَعْقُوْبَ فَاذْهَبْ اَیُّهَا الرَّمَدُ

اگر کوئی غم اور دُکھ والا ہر رات ستر (70) دفعہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُس کو غم اور قرض سے نجات بخشے گا۔

ستارہواں اسم: (قَزْمَزِ)

☆عاملین و کاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم حضرت عیسٰی علیہ السلام کی تسبیح ہے۔خواص اس کے یہ ہیں کہ جو شخص اس اسم کو مع مندرجہ ذیل نقش کے ریشمی نیلے

رنگ کے کپڑے پر لکھے اور پھر اسے ایسے بکس میں رکھے جہاں روپے رکھے جاتے ہوں اور پھر اس کے ساتھ درخت عوسج کی ٹہنی بھی رکھے، عوسج کو شجرِ موسیٰ بھی کہتے ہیں۔ پھر اسے عنبر اور مشک کا بخور دے اور ایک (1) تسبیح یہی اسم اس پر پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بکس میں روپے ختم نہ ہوں گے۔ اور خیر و برکت خوب ہوگی۔

قَزْمَزٍ۔قَزْمَزٍ۔قَزْمَزٍ۔

۱۵	۵	۱۵۵۵
۱۵۵۵	۱۵	۵
۵	۱۵۵۵	۱۵

بَشْکَیلَخٍ۔بَشْکَیلَخٍ۔بَشْکَیلَخٍ۔

اٹھارہواں اسم: (اَنْغَلَلِیْطٍ)

☆ جو شخص اس اسم کو مع سورۂ فیل کے کوری ٹھیکری پر لکھ کر باریک سفوف کرے اور پھر دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ پس گھر میں رہنے والے بیمار ہو جائیں گے۔

☆ اور جو شخص اس اسم کا کثرت سے ورد رکھے اور آگ بجھانے کا ارادہ کرے تو یہی اسم شریف پڑھے، آگ بجھ جائے گی۔

☆ اگر کسی گھر میں سحر جادو کے اثرات ہوں تو اسے مٹی کے پیالہ میں لکھ کر پانی سے دھو کر اُس مکان میں چھڑک دیا جائے۔ سحر جادو کے تمام بد اثرات کا اثر ختم ہو جائے گا۔

انیسواں اسم: (قَبَرَاتٍ)

☆ اگر کوئی اس اسم کو اس آیت کے ہمراہ سات (7) مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو وہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ آیت یہ ہے۔ "فَالْیَوْمَ نُنَجِّیْکَ بِبَدَنِکَ"

☆ اور جو کوئی شخص روزانہ ہمیشگی کے ساتھ ساٹھ (60) مرتبہ پڑھے تو لوگ ہمیشہ اچھی نظر سے دیکھیں گے اور کوئی بھی فرد برائی نہ کرے گا۔

بیسواں اسم: (غَیَاهَا)

☆ جو کوئی اسے سرخ روشنائی سے نوے (90) مرتبہ اور آخر میں تین (3) مرتبہ یہ آیت لکھے اور کثرتِ حیض والی عورت کو پلا دے۔ شفایاب ہوگی۔

☆ اگر کسی عورت کا خونِ حیض نہ رک رہا ہو اُس کا یہ علاج کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خون رک جائے گا۔ وجہِ مرض بدنی ہو یا سحر النزیف۔ طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل نقش تحریر کر کے مریضہ کو صبح و دوپہر شام پانی میں گھول کر پلائیں۔

اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ

غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها
غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها
غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها
غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها
غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها
غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها
غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها
غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها
غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها	غیاها

اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ۔اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ۔اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ

اکیسواں اسم: (کَیدَهُولَا)

☆ ایک سو (100) مرتبہ یہ اسم لکھیں پھر سورۂ یونس کی یہ آیت لکھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ۔ اور سحر زدہ مریض کو پلا دیں اور ایسا ہی ایک (1) عمل گلے میں ڈالنے کو دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہو جائے گا۔

بائیسواں اسم: (شَمُخَاهِرٍ)

☆ اگر کوئی اس اسم کو سات (7) مرتبہ کسی صاف پلیٹ پر لکھے اور پھر آب زم زم سے دھو کر اسے حشرات الارض کی بلوں پر چھڑک دے تو تمام کیڑے مکوڑے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

آیت الکرسی کے چند خاص تعویذات و نقوش

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ (دیوبند)

نقش عظیم

آیت الکرسی کے اس نقش کو جمعہ کی پہلی ساعت میں چاندی کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے اور پھر عجائبات قدرت ملاحظہ کرے۔ ان شاء اللہ اس قدر خیر و برکت ہوگی کہ دیکھنے والے حیرت میں ڈوب جائیں گے۔ ہر طرف سے مال و زر کی فراوانی ہوگی اور لوگوں کی نظروں میں مقبولیت اور محبوبیت بھی حاصل ہوگی۔

نقش یہ ہے:

الم اللہ	لا الہ الا ھو	الحیّ	القیّوم
۱۳۷	۱۱۰	۴۹	۱۸۷
۵۰	۱۸۶	۱۳۸	۱۰۹
۱۸۵	۴۷	۱۱۲	۱۳۹
۱۱۱	۱۴۰	۱۸۴	۴۸

آیت الکرسی کا نقش عددی

ماہنامہ طلسماتی دنیا کے مئی کے شمارے میں آیت الکرسی کا نقش نقل کیا گیا تھا اور اس کے بے شمار فوائد بیان کئے گئے تھے۔ لیکن اس نقش کو عربی زبان کی وجہ سے ہر شخص صاف صاف نہیں لکھ پاتا اور جو لکھ لینے پر قادر نہیں، انہیں لکھتے وقت کچھ نہ کچھ دشواری ضرور پیش آتی ہے۔ اس لئے ہم آیت الکرسی کا عددی نقش پیش کر رہے ہیں۔ نقش عربی کے لکھنے میں اگر دشواری محسوس ہو تو نقش عددی لکھا جائے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۵۱۱	۳۵۲۴	۳۵۲۱	۳۵۱۸
۳۵۲۲	۳۵۱۷	۳۵۱۲	۳۵۲۳
۳۵۱۶	۳۵۱۹	۳۵۲۶	۳۵۱۳
۳۵۲۵	۳۵۱۴	۳۵۱۵	۳۵۲۰

جنّات کو دفع کرنے کیلئے

اگر کسی مکان وغیرہ میں جنات یا ارواحِ بد یا کوئی اور نظر نہ آنے والی مخلوق تکلیف پہنچاتی ہو۔ اس کو دفع کرنے کیلئے ذیل کا نقش لکھ کر کھلا ہوا فریم کی صورت میں دیوار پر لگا دیں۔ ان شاء اللہ اذیت دینے والی مخلوق رفع ہو گی اور اس نقش کی برکت سے گھر میں عافیت پیدا ہوگی اور خوش حالی بھی آئے گی۔

نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بحق یاعزرائیل	لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ	بحق یاجبرائیل
ملیقا مخلوقا علیقا خالقا کان فی شانی	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ	[illegible]
بحق یااسرافیل	ارتضیٰ مرتضیٰ بحق یابدوح وننزل من القرآن ما ھو شفاء	بحق یامیکائیل

عمل برائے امداد غیبی

علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرالوی

یہ عمل پڑھ کر اور پڑھوا کر راقم اور دوستوں نے بے شمار فوائد حاصل کیے مگر جدید تصدیق جنوری 1995ء کو ہوئی۔ دوست کے گھر بیٹھا تھا، پنجاب سے ٹیلی فون آیا، دوست کی بیوی نے ٹیلی فون سنا اور کہا میرے استاد بیٹھے ہیں، ان سے بات کرو۔ یہ کہہ کر ٹیلی فون مجھے تھما دیا۔ ٹیلیفون پر مالکہ مکان کی بہن ہچکیوں سے رو رہی تھی۔ پوچھنے پر بتایا کہ شادی کے مسئلہ پر میرے بھائی صاحب مجھ سے ناراض ہیں اور مجھ سے بولتے ہی نہیں ہیں۔ جس کی وجہ سے میں اور بھابھی دونوں پریشان ہیں۔ یہ عمل ٹیلیفون پر لڑکی کو بتایا، پانچ (5) دن کے بعد لڑکی کا فون آیا کہ بھائی راضی ہو گئے ہیں اور اب پہلے سے زیادہ پیار کرنے لگے ہیں اور عنقریب مطلوبہ جگہ پر میری شادی بھی ہو جائے گی۔

المختصر اس دعا میں بڑی تاثیر ہے۔ مختلف طریقوں سے پڑھوایا، سب ہی کامیاب ہوئے۔ شرط ہے تو صرف اتنی کہ انسان یقین کامل کے ساتھ پڑھے، ان شاء اللہ کامیاب ہوگا۔ اس دعا کے الفاظ شاہد ہیں کہ انسان بارگاہ ایزدی میں صدق دل سے استغاثہ پیش کرے۔

جب دل میں درد ہوگا نکلیں گے اب آنسو
دامن میں آگ رکھ کر کیسے دھواں چھپاؤں

دعا یہ ہے:

''یَا غِیَاثُ اَغِثْنِیْ بِرَحْمَتِكَ''

اوّل و آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھے، تین سو تیرہ (313) مرتبہ یہ دعا پڑھے اور عاجزی کے ساتھ دعا مانگے۔ ان شاء اللہ بہت جلد آپ کو بہت بڑی خوشخبری ملے گی۔ بڑی سے بڑی پریشانی دور ہو جائے گی۔ مشکل ترین کام آسان ہو جائے گا۔

اسمائے حسنیٰ کے عملیات

علامہ عابد عسکری (لاہور)

گھر سے آسیب کا اثر ختم ہو

اگر گھر میں آسیب یا موذی جانور ہو تو اسم ''یَا قَھَّارُ'' کو گیارہ (11) روز تک گیارہ ہزار (11000) مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے دیواروں پر چھڑکائیں۔ آسیب کا اثر ختم ہو جائے گا۔

مکان روشن ہو

صبح کی نماز کے بعد اسم ''یَا نُوْرُ'' مبارک کا ایک ہزار ایک سو اکیس (1121) مرتبہ روزانہ پڑھنا مکان کو روشن کرتا ہے۔

ختم برائے دوری فقر

اگر کوئی شخص وضو کر کے مقامِ خلوت میں بیٹھ کر (تین (3) رات متواتر) ہر رات میں چار ہزار چار سو بیس (4420) مرتبہ اسم ''یَا بَاسِطُ'' کا ورد کرے تو اس کی فکر و پریشانی دور ہوگی اور اسے دستِ غیب سے مدد پہنچے گی۔ اس کا فقر اور محتاجی فراخی میں تبدیل ہوں گے۔ ایک عزیز و معتمد آدمی کا بیان ہے کہ میں نے اس ختم کا بارہا تجربہ کیا ہے۔

ختم برائے روزی بے حساب

صاحب درالنظیم بیان کرتے ہیں کہ جو شخص ان تین (3) ناموں اَلْکَرِیْمُ الْوَھَّابُ اور ذُوالطَّوْلِ کو بار بار پڑھنے میں مداومت کرے تو اس کی تنگی معاش وسعت رزق میں تبدیلی ہو جائے گی اور اس کو روزی ایسی جگہ سے میسر ہوگی جہاں کا اسے گمان تک نہ ہوگا۔ بعض بزرگوں نے تو یہ بھی فرمایا ہے کہ ہم نے بہت سے لوگوں کو ان اسمائے پاک کے ورد کی تلقین کی ہے اور انہوں نے ان کا ورد کیا تو اس کے نتیجے میں عجیب و غریب اثرات مشاہدہ میں آئے۔ ہر روز کم از کم پچاس (50) مرتبہ روزیا ان کے مجموع اعداد کے برابر ایک ہزار ایک سو اٹھائیس (1128) مرتبہ ان اسمائے پاک کا ورد کرنا زیادہ بہتر ہوگا۔

آیاتُ الحِرز

السید حامد بن علوی بن طاہر الحدّاد العلوی الحسینیؒ

ابن النجار نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی، انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص ان تینتیس (33) کو رات کو پڑھے، اس رات سات (7) ضرر رساں سے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا اور نہ ہی چور سے اور نہ ہی کسی حادثہ سے صبح تک اس کی ذات کو، اہل وعیال کو اور اس کے مال کو۔

شعیب بن حربؒ کہتے ہیں: ”ہم اسے آیات الحرز کہتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سو (100) بیماریوں کا علاج ہے جن میں جنون، جذام، برص وغیرہ شامل ہیں۔“ محمد ابن علیؒ نے کہا: ”میں نے اسے ہمارے ایک شیخ کے پاس پڑھ کر سنایا جسے فالج تھا تو اللہ تعالیٰ نے اسے اس سے دور کر دیا۔“

یہ سب سیوطیؒ نے درمنثور میں ذکر کیا ہے۔ ابن سیرینؒ نے سفر میں ان آیات کو پڑھا۔ چوروں نے ان پر ستر مرتبہ حملہ کیا مگر ان تک یا ان کے ساتھیوں تک نہیں پہنچ سکے۔

آیات الحرز یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۲﴾ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ﴿۳﴾ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ﴿۴﴾ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۬ۙ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ﴿۷﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ ۚۖۛ فِیۡہِ ۚۛ ہُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۲﴾ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَیۡبِ وَ یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳﴾ وَ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ وَ مَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِکَ ۚ وَ بِالۡاٰخِرَۃِ ہُمۡ یُوۡقِنُوۡنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِکَ عَلٰی ہُدًی مِّنۡ رَّبِّہِمۡ ٭ وَ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۵﴾ (البقرۃ:۱-۵)

وَ اِلٰـہُکُمۡ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ۚ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۶۳﴾ اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ اخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَ النَّہَارِ وَ الۡفُلۡکِ الَّتِیۡ تَجۡرِیۡ فِی الۡبَحۡرِ بِمَا یَنۡفَعُ النَّاسَ وَ مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ مَّآءٍ فَاَحۡیَا بِہِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِہَا وَ بَثَّ فِیۡہَا مِنۡ کُلِّ دَآبَّۃٍ ۪ وَّ تَصۡرِیۡفِ الرِّیٰحِ وَ السَّحَابِ الۡمُسَخَّرِ بَیۡنَ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۶۴﴾ (البقرۃ:۱۶۳-۱۶۴)

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾ لَاۤ اِکۡرَاہَ فِی الدِّیۡنِ ۟ۙ قَدۡ تَّبَیَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَیِّ ۚ فَمَنۡ یَّکۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ وَ یُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰہِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَکَ بِالۡعُرۡوَۃِ الۡوُثۡقٰی ٭ لَا انۡفِصَامَ لَہَا ؕ وَ اللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ۙ یُخۡرِجُہُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ؕ۬ وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اَوۡلِیٰٓـُٔہُمُ الطَّاغُوۡتُ ۙ یُخۡرِجُوۡنَہُمۡ مِّنَ النُّوۡرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ ہُمۡ فِیۡہَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۵۷﴾

(البقرۃ:۲۵۵-۲۵۷)

لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَ اِنۡ تُبۡدُوۡا مَا فِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ اَوۡ تُخۡفُوۡہُ یُحَاسِبۡکُمۡ بِہِ اللّٰہُ ؕ فَیَغۡفِرُ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡہِ مِنۡ رَّبِّہٖ وَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَ مَلٰٓئِکَتِہٖ وَ کُتُبِہٖ وَ رُسُلِہٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِہٖ ۟ وَ قَالُوۡا سَمِعۡنَا وَ اَطَعۡنَا ٭۫ غُفۡرَانَکَ رَبَّنَا وَ اِلَیۡکَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَہَا ؕ لَہَا مَا کَسَبَتۡ وَ عَلَیۡہَا مَا اکۡتَسَبَتۡ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِیۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحۡمِلۡ عَلَیۡنَاۤ اِصۡرًا کَمَا حَمَلۡتَہٗ عَلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ ۚ وَ اعۡفُ عَنَّا ٝ وَ اغۡفِرۡ لَنَا ٝ وَ ارۡحَمۡنَا ٝ اَنۡتَ مَوۡلٰىنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ ﴿۲۸۶﴾ (البقرۃ:۲۸۴-۲۸۶)

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۣ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ (الاعراف: ۵۴-۵۶)

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ (بنی اسرآئیل: ۱۱۰-۱۱۱)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَالصّٰۗفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ (الصّٰفّٰت: ۱-۱۱)

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۭ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ (الرحمٰن: ۳۳-۳۵)

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ (الحشر: ۲۱-۲۴)

وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ﴿۳﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ﴿۴﴾ (الجن: ۳-۴)

..................................*.................*

نوٹ: جو لوگ آیات الحرز کے عامل بننا چاہیں، وہ روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ رابطہ کر کے عمل سیکھ سکتے ہیں اور اگر سیکھ کر آگے سکھانا چاہیں تو بھی شرائط پوری کر کے آگے سکھا سکتے ہیں۔ نیز جو عاملین اور روحانی معالجین اپنے مریضوں کو اس عمل کی روحانی قوتوں سے فیض یاب کرنا چاہیں، وہ بھی اپنے مریضوں کے لیے اجازت لے سکتے ہیں۔

روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3tyqdLa

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
20
اگست 2023ء
کوئی دعویٰ نہیں
کوئی وعدہ نہیں
طلسمی آئینۂ نور
قیمت: 3000 روپے
رعایتی قیمت 2000
خوشی وبرکت کا روحانی ایٹمی فارمولا
اس طلسم میں ایسی روحانیات بھر دی گئی ہے جو کسی بھی ماحول، چاہے وہ گھر ہو، آفس ہو، ہسپتال ہو، کھیت ہو یا کھلیان ہو یا گودام ہو...... وہاں کے منفی اثرات کو سیکنڈز میں سکون، خوشگواریت و یگانگت و محبت سے بھر دینے کی طاقت رکھتا ہے۔ دراصل یہ امتزاج ہے صدیوں سے مخفی طلسماتی رازوں کا جس کو جدید ٹیکنالوجی سے ملایا گیا ہے۔ یہ طلسم ارد گرد کے ماحول میں موجود تمام ایٹموں کو سیکنڈز میں برکت و خوشی سے بھر دیتا ہے۔
عاملین کے لیے بھی بے حد موثر ہے۔ اپنے آستانے میں رکھنے سے مریضوں کے ساتھ آنے والے برے اثرات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔
ہدیہ 3000 روپے
چاندی سے بنی ہوئی
حروف مقطعات کی خاص روحانی انگوٹھی
یہ انگوٹھی بہت سے فوائد کی حامل ہے، یہاں چند ایک بیان کیے گئے ہیں:
دشمنوں کی زبانیں خاموش کرا دینے والی انگوٹھی، دشمنوں کے منہ بند کرا دینے والی انگوٹھی، مخالفوں کے ہونٹوں پر تالا لگا دینے والی انگوٹھی، بدمعاشوں کو مغلوب کر دینے والی انگوٹھی، چالبازوں کی ہمتوں کو پست کر دینے والی انگوٹھی، عدالتوں اور حکام کو آپ پر مہربان کروا دینے والی انگوٹھی، افسران بالا اور لاپرواہ دوستوں کو شفیق بنا دینے والی انگوٹھی، بے پرواہ رشتہ داروں / اپنے بیگانوں کے دلوں کو مسخر کر دینے والی انگوٹھی، لاجواب بے مثال اور خاص انگوٹھی۔
شاگرداور عاملین کیلئے رعایت
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
سوغات ہرات زعفران
Super Nageen
The best quality of Saffron
100% Natural
بہترین زعفران ہرات
افغانی زعفران۔ بہترین رنگ دیتا ہے۔ لکھائی لاجواب۔ عاملین کا پسندیدہ۔
خواص: ضد سرطان۔ تقویت کنندہ جنسی۔
کاہش دہندہ چربی خون۔ آرام بخش ونشاط آور
Redices Blood Fat _ Sexual Boster_Anticancer
Relaxing & Uplifting
وزن خالص 1 گرام۔ 600 روپے (خوبصورت پیکنگ)
ایک تولہ لینے والے کو ہول سیل ریٹ لگایا جائے گا۔
ہرن کی جھلی
ہرن کی جھلی خاص عملیات محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ، وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔ قیمت: 100 روپے
Whatsapp
+92-322-4773786
ہرن کی کھال
مختلف عملیات میں استعمال ہوتی ہے۔
قیمت: 150 روپے فی سکوائر انچ
بھوج پتر
بھوج پتر اعمال شر کے لیے خاص ہے۔ بغض وعداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ نیز یہ اور بھی کئی خاص مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ قیمت: 130 روپے
https://bit.ly/3tAstS4
روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے مقتیان اور علماء کرام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل

مریض کے آسیب کو قید کرنا

علامہ محمد رفیق صاحب زاہد مرحوم

یہ زبردست نادرونایاب عمل مجھے میرے روحانی پیشوا سے ملا ہے۔ عمل کے لئے شرائط عمل کے مطابق ترک حیوانات جلالی و جمالی کی پابندی سے عمل کو ایک لاکھ پچیس ہزار (125000) مرتبہ کی مقررہ ومعینہ تعداد کے مطابق پڑھے۔ چلہ کے بعد عامل ہوجائے گا۔ عمل درج ذیل ہے:

اَلَا مَلَالَا تَنْسِیْ کَذَا مَا کَذَا قُلْ فَمَا قِیْلَکَ مَذْھُوْرًا وَ ھُدٰی مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی ھَادِیًا یَا قَوْمَ الْبُوْرَا لَا تَنْسُوْا عُھْدَکُمْ مِنَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ یَا قَوْمَ الْجِنِّ وَالشَّیَاطِیْنِ یَا مَعْصِھَا یَا لِھَاسَا یَا سَطِرَا بِحَقِّ سُلَیْمَانَ اِبْنِ دَاوٗدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامِ کَفُوْلًا کَفُوْلًا کَفُوْلًا

5. اسی طرح اگر کسی طالب علم کو کوئی بات پوچھنی ہے یا روحانی علاج میں کوئی رکاوٹ ہے یا مزید کچھ سمجھنا چاہتا ہے تو وہ اپنے سوالات باقاعدہ کاغذ پر تحریر کر کے لائے تاکہ آپ کی مکمل رہنمائی کی جا سکے۔

6. اجتماع کے ان 3 دنوں میں روزہ رکھنا ضروری ہوتا ہے نیز سحری، افطاری کا کھانا ترک حیوانات کے پرہیز کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ 3 دن کے کھانے اور آخری دن بکروں کا صدقہ کے تمام اخراجات بذمہ شرکاء اجتماع ہوں گے۔ لہٰذا اجتماع میں پہنچتے ہی انتظامیہ کے پاس اخراجات کی رقم جمع کروانا ضروری ہے۔ جو زکوۃ صغیر ادا کریں گے اور ایسے اعمال جن میں بکرے کے صدقے کی ضرورت نہیں ہوتی، ان کے لئے ھدیہ فی کس اندازاً-3000 روپے (کمی بیشی بعد میں) ہمراہ لائیں۔ اور جو زکوۃ کبیر ادا کریں گے اور ایسے اعمال جن میں بکرے کے صدقے دینا ہوتا ہے ان کا ھدیہ فی کس اندازاً-/6000 روپے (کمی بیشی بعد میں) ہمراہ لائیں۔

7. مختلف بیانات خاص کر جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے بیان میں تصویر کھینچنا سخت منع ہے۔ (ویڈیو ہر حال میں منع ہے)

8. اجتماع میں تشریف لانے والے نئے دوست واحباب کیلئے ہماری روحانی درسگاہ سے سکھائے جانے والے تمام فری اور فیس والے اعمال کی اجازت، ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ممبر شپ اور روحانی دکان کی تمام اشیاء اجتماع گاہ سے ہی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کیلئے دار العمل آنے کی ضرورت نہیں ہے۔

9. موجودہ کرونا وائرس کے سلسلے میں شرکاء اجتماع حکومتی ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔

10. اجتماع میں ریاضتی اعمال کرنے والوں کی دستار بندی بعد نماز مغرب ہوگی۔

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (مدیر اعلیٰ خزینہ روحانیات)

شادی کے بعد میاں کا کاروبار نہیں چل رہا

سوال میری شادی کو 20 سال ہو چکے ہیں۔ شادی سے قبل میرے شوہر کا کاروبار کافی اچھا چلتا تھا۔ شادی ہونے کے بعد سے ہی مسائل شروع ہو گئے اور اب بہت مشکلات کا سامنا ہے۔ کئی بار تو ہاتھ اس حد تک تنگ ہو جاتا ہے کہ میں بتا نہیں سکتی۔ آپ خود سمجھ سکتے ہیں۔ مجھے بتائیے کہ اس کی کیا وجہ ہے اور میں کیا کروں؟ (ص، کراچی)

جواب آپ کے شوہر کے کاروبار کا معاملہ بندش کی وجہ سے زوال کا شکار ہے۔ یہ بندش جادو کے ذریعے ہے اور اس میں جناتی بندش بھی اب داخل ہو چکی ہے۔ بندش کے علاج کے لیے بہتر ہے کہ باقاعدہ کاٹ کروائی جائے۔ اس سلسلے میں آپ ہماری روحانی علاج گاہ کے نمبر 03097772772 پر رابطہ فرمائیں۔ روحانی علاج گاہ کے روحانی معالجین میں سے جس سے بھی آپ کاٹ کروانا چاہیں، ان سے معاملات طے کر لیں۔ اگر اس طرح کاٹ نہیں کروانی تو پھر یہ علاج کریں:

● ......اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَہِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ۔ اس دعا کو ہر نماز کے بعد تین (3) بار مانگا کریں۔ اور رات کو دو (2) رکعت نفل پڑھ کر اول و آخر گیارہ (11) بار درود شریف اور پانچ سو (500) بار یہ دعا پڑھیں۔

● ......ایک (1) خاص تعویذ ہے۔ اس کو زعفرانی روشنائی سے کسی قریبی قاری یا حافظ صاحب سے لکھوالیں اور اپنے شوہر کو پاس رکھنے کو دے دیں۔ یہ تعویذ ماہنامہ خزینہ روحانیات کے اکتوبر 2022 کے صفحہ 49 پر ''جادو سے نجات کا تعویذ'' کے عنوان سے چھپا ہوا ہے۔ اور تعویذ میں جو کلمات درج ہیں، وہ صبح و شام تین تین (3،3) بار اپنے شوہر کو پڑھنے کو کہیں۔

* * * * *

میاں بیوی میں شدید جھگڑے

سوال میرا بیوی سے کافی جھگڑا رہتا ہے۔ شادی کے بعد سے ہی یہ معاملہ ہے۔ ابھی شادی کو صرف ایک سال ہی ہوا ہے۔ زیادہ جھگڑا بیوی کی طرف سے ہوتا ہے اور وہ حد سے زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ بہت زبان درازی کرتی ہے۔ آپ سے پہلے بات ہوئی تھی۔ آپ نے ''منزل'' پڑھ کر پانی دم کر کے پینے اور چھڑکنے کے لیے کہا تھا۔ جب سے یہ عمل شروع کیا ہے، جھگڑوں میں اور شدت آ گئی ہے۔ اب تو روزانہ ہی جھگڑا ہو جاتا ہے۔ دو (2) ہفتہ مکمل ہو چکے ہیں۔ اب مجھے کیا کرنا ہے؟ میں روز روز کے جھگڑوں سے بہت تنگ آ گیا ہوں۔ (ح، لاہور)

جواب بھائی! جب آپ سے بات ہوئی تھی اور آپ نے حالات بتائے تھے تو میں نے کہا تھا کہ معاملہ جادو کا ہے، جناتی بھی ہے۔ باقاعدہ علاج کرنا پڑے گا اور تعویذات وغیرہ استعمال کرنے پڑیں گے۔ اس پر آپ نے کہا تھا کہ میری بیوی ابھی مصروف ہے، اس کی بہن کی طبیعت ٹھیک نہیں۔ اس لیے تعویذات وہ استعمال نہیں کر سکے گی تو میں نے منزل پڑھنے کو دی۔

یہ بات یاد رکھیں کہ ہر طرح کا معاملہ خود سے پڑھ کر حل نہیں ہو جاتا ہے۔ کچھ ایسے کیس ہوتے ہیں، جن میں علاج کرنے میں ہی عافیت ہوتی ہے۔ آپ نے پڑھ کر دیکھ لیا۔ منزل میں وہ تمام آیات اور سورتیں ہیں، جو جادو اور جنات کے علاج کے لیے کافی ہیں۔ مگر معاملہ کا زیادہ خراب ہونا کیوں؟ وہ اس لیے کہ منزل کی طاقت بہت ہے۔ جب آپ پڑھ کر روحانی وار کریں گے تو مخالف کو بہت تکلیف ہوگی۔ جب مخالف وار کرے گا اور یقیناً زور دار کرے گا تو آپ کو بھی تکلیف ہوگی۔ اگر آپ علاج کرتے تو ہتھیار (یعنی تعویذات وغیرہ) ہمارے ہوتے، اس لحاظ سے آپ چلانے والے ہوتے اور سامنے مخالفین کو بھی نظر آتا کہ چلانے (بقیہ ص 54)

تربیت العاملین

خالد مقبول حفظہ اللہ

ہمزہ کے عدد لیتے ہیں یا نہیں

سوال ابجد کے ۲۸ حروف میں ہمزہ نہیں ہے۔ لیکن کسی جگہ پر اس کا عدد لیا جاتا ہے اور کسی جگہ پر نہیں۔ اس کا کوئی اصول ہے تو وضاحت فرما دیں۔

(محمد علیم، لاہور)

جواب آپ کی بات درست ہے کہ ہمزہ ابجد کے اٹھائیس (28) حروف میں شامل نہیں۔ لیکن اس کے اعداد لیے بھی جاتے ہیں اور نہیں بھی۔ اس سلسلے میں یہ اصول یاد رکھیں کہ اگر ہمزہ آخر میں آئے اور پڑھا نہ جائے تو اس کے اعداد نہیں لئے جاتے۔ جیسے مہر النساء۔ اور جب کسی لفظ کے اندر آئے تو اس کو الف کے قائم مقام لیا جائے گا جیسے عطاء اللہ۔

جنات سے ظاہری رابطہ کھولنا

سوال السلام علیکم حضرت۔ رمضان المبارک میں خصوصی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ میرا اپنے جنات سے ظاہری رابطہ کھول دیں...... خیر، عافیت، آسانی و برکت کے ساتھ۔ (ع، لاہور)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ اس سلسلے میں چند گذارشات ہیں۔

*...... آپ کا باطنی رابطہ جنات سے کھلا ہوا ہے اور بات چیت بھی ہوتی رہتی ہے۔ جتنے بھی اعمال آپ نے کیے ہیں اور ان کے جنات سے باطنی رابطہ ہے، ان سب سے الگ الگ بات کریں اور اپنی خواہش ان کے سامنے رکھیں۔ کچھ انکار کر دیں گے، کچھ اقرار کریں گے اور کوئی عمل بتائیں گے۔ کچھ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہمیں نہیں پتہ، ہم بڑوں سے پوچھ کر بتائیں گے۔

*...... آپ کا دربار پر بھی روحانی رابطہ ہوتا ہے۔ جس بھی دربار پر جائیں، وہاں بھی اپنی خواہش کا اظہار کریں اور جو جواب ملے، اس سے مطلع فرمائیں۔

*...... اپنی اس خواہش کی تکمیل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر کوئی حاجت کا عمل کرتے رہیں۔

*...... آخری بات کہ میں اپنے بزرگوں سے اس سلسلے میں کچھ عرض نہیں کر سکتا کیونکہ انہوں نے یہ سلسلہ ہمیشہ کے لیے بند کر دیا ہے۔ اس لیے میں معذرت چاہوں گا۔ البتہ رہنمائی ضرور کر دوں گا جو کہ اوپر لکھ دی ہے۔

*...... میرے استاذ محترم حضرت مولانا امان اللہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ جنات سے ظاہری رابطہ کے قائل نہیں تھے اور اس کو نقصان دہ بتاتے تھے۔ ایک شاگرد نے خواہش کی تھی، اس کی ابھی تھوڑی ہی نظر کھلی تھی تو اس کو جگہ جگہ کچھ لکھا ہوا نظر آنے لگا، جس کی وجہ سے اس کا دماغ متاثر ہونا شروع ہو گیا۔ پھر اس کی نظر کو بند کرنا ہی پڑا۔

ناغہ ہونے سے چلہ ٹوٹ جاتا ہے

سوال میں مندرے کا چلّہ کر رہا ہوں۔ اکیس (21) دن بعد کسی وجہ سے ناغہ ہو گیا ہے۔ کیا میرا چلّہ ضائع ہو گیا یا پھر کوئی صورت ہے کہ میرے یہ اکیس (21) دن ضائع نہ ہوں؟ (ح، گوجرانوالہ)

جواب محترم! ناغہ کرنے سے عمل ٹوٹ جاتا ہے۔ اگر وقت میں دیر ہو جائے یا اور کوئی غلطی ہو جائے تو ہمارے سلسلے میں یہ آسانی ہے کہ اس کا چلّہ ضائع نہیں ہونے دیتے لیکن عمل ہی نہیں پڑھا اور ناغہ کر لیا، یہ غلط کیا۔ عمل پڑھنا چاہئے تھا چاہے دیر سے پڑھتے۔ یہ اصول ہر چلّہ کا نہیں، مندرے کی بات ہو رہی ہے تو مندرے کا ہی عرض کر رہا ہوں۔ مندرے کے پیچھے جو طاقت ہے، وہ دیتی تو ہم نے ہی ہے۔ اس لیے غلطی ہونے پر اُن سے بات کر کے تھوڑی گنجائش نکال کر چلّہ اور عمل پورا کروا دیا جاتا ہے۔

اب آپ چلّہ دوبارہ کریں۔ اور یہ یاد رکھیں کہ آپ کا ایک (1) بار چلّہ ختم ہو گیا۔ اب دو بار کا مزید موقع ہے۔ اگر تین (3) بار ایسا ہوا تو پھر زندگی بھر آپ مندرہ کا یہ عمل نہیں کر سکیں گے۔

دعائے حزب النصر

خالد مقبول حفظہ اللہ

اعمال اولیاء میں سے ایک ایسا خاص عمل جو دشمن کے خلاف انتہائی موثر ثابت ہوا ہے، اور اس کی اہل حق کو انتہائی ضرورت بھی ہے

دُعائے حزب النصر ولی کامل حضرت ابوالحسن شاذلی نوراللہ مرقدہٗ کی ایک دعا ہے جو اعمال اولیاء میں سے ہے۔ یہ دُعا ظاہری و باطنی دشمنوں کے لیے ایک ایسا مخفی ہتھیار ہے جو انتہائی پُرتاثیر ہونے کے ساتھ ساتھ بہت مجرب بھی ہے اور اس پر عمل کرنے والے کی دشمنوں سے نجات ہوجاتی ہے اور دشمن بھی پریشان ہو جاتے ہیں کہ کیوں ہم اس پر فتح نہیں پا رہے۔

اس دُعا کے عامل شاذ و نادر ہی ملتے ہیں۔ الحمد للہ ہمارے ہاں اس کی باقاعدہ زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے اور الحمدللہ اس دُعا کے کافی عامل موجود ہیں۔

دُعا مع ترجمہ حاصل کرنے کے لیے ہماری درج ذیل Email پر رابطہ کریں۔ آپ کو Image بھیج دیا جائے گا۔ اجازت حاصل کرنے کے لیے ادارے کے نمبروں پر رابطہ فرمائیں۔ Email یہ ہے:

ruhanidarsgah@gmail.com

جو حضرات اس عمل کی ماہ صفر میں زکوٰۃ نکالنا چاہیں، وہ حزب البحر کے ساتھ اس دُعا کی بھی زکوٰۃ نکال سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گا):W0304-7772772

مولانا علی آفاق (نائب ناظم روحانی علاج گاہ):W0304-7772772

طریقہ زکوٰۃ

اس دُعا کی زکوٰۃ ادا کرنے کے لیے دو (2) طریقے ہیں۔

1 زکوٰۃِ صغیر 2 زکوٰۃِ کبیر

1 زکوٰۃ صغیر

اس کے تین (3) درجوں میں زکوٰۃ ادا کروائی جاتی ہے۔

پہلا درجہ: بطریق حزب البحر تین (3) اوقات یومیہ پڑھی جاتی ہے۔ حزب لبحر ایک (1) دفعہ پڑھی جاتی ہے، یہ تین (3) بار پڑھی جائے گی۔ کل نو باری یومیہ۔

دوسرا درجہ: اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللہ و نعم الو کیل“ پڑھنا ہے۔ درمیان میں اکسی مرتبہ حزب النصر ایک (1) نشست یا دو (2) نشست میں پوری کرنی ہے۔ دو (2) نشست کی صورت میں بھی اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللہ و نعم الو کیل“ پڑھا جائے گا۔

تیسرا درجہ: طریقہ دوسرے درجہ والا ہے۔ صرف حزب النصر اکیس (21) کی جگہ اکتالیس (41) بار پڑھی جائے گی۔

2 زکوٰۃ کبیر

بطریق حزب البحر 120+120+125 مرتبہ پڑھنا ہے۔ پرہیز جلالی ضرور کرنا ہے۔ سخت جلالی عمل ہے۔ ایک سو بیس (120) کی تعداد کے اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللہ و نعم الو کیل“ پڑھا جائے گا۔ چار (4) درجوں میں عام دنوں میں زکوٰۃ کا طریقہ درج ذیل ہے:

درجہ اول: گیارہ (11) بار، اکیس (21) یوم۔ اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللہ و نعم الو کیل“۔ پرہیز بڑا گوشت۔

درجہ دوم: اکیس (21) بار، اکیس (21) یوم۔ اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللہ و نعم الو کیل“۔ پرہیز بڑا گوشت و مچھلی۔

درجہ سوم: اکتالیس (41) بار، اکتالیس (41) یوم۔ اول و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ”حسبنا اللہ و نعم الو کیل“۔ پرہیز ترکِ گوشت۔ بہتر ہے کہ ترکِ حیوانات و پرہیز جمالی کیا جائے۔

درجہ چہارم: زکوٰۃ سوم کے بعد کسی مزار پر جا کر یہ زکوٰۃ نکالی جاتی ہے۔ اس کا طریقہ لکھا نہیں جا رہا کیونکہ جہاں اس کا فائدہ بہت زیادہ ہوتا ہے، وہیں غلط عمل ہونے کی وجہ سے بہت نقصان بھی ہوتا ہے۔ ویسے بھی وہی لوگ اس درجہ کی زکوٰۃ نکال سکتے ہیں، جنہوں نے زکوٰۃ کبیر کا درجہ سوم کر لیا ہو۔

اگلے صفحوں پر دُعائے ”حزب النصر“ عربی اور اُردو...... دونوں میں دی جا رہی ہے۔ جو عربی نہیں پڑھ سکتے، وہ روزانہ دو دعا بھی پڑھ لیا کریں۔

دعائے حزب النصر (عربی)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ بِسَطْوَةِ جَبَرُوْتِ قَهْرِكَ وَبِسُرْعَةِ اِغَاثَةِ نَصْرِكَ وَ بِغَيْرَتِكَ لِانْتِهَاكِ حُرُمَاتِكَ وَ بِحِمَايَتِكَ لِمَنِ احْتَوٰى بِآيَاتِكَ اَسْأَلُكَ يَا اَللهُ يَا سَمِيْعُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا سَرِيْعُ يَا مُنْتَقِمُ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ يَا جَبَّارُ يَا قَهَّارُ يَا مَنْ لَا يُعْجِزُهٗ قَهْرُ الْجَبَابِرَةِ وَلَا يَعْظُمُ عَلَيْهِ هَلَاكُ الْمُتَمَرِّدَةِ مِنَ الْمُلُوْكِ وَالْاَكَاسِرَةِ اَنْ تَجْعَلَ كَيْدَ مَنْ كَادَنِيْ فِيْ نَحْرِهٖ وَمَكْرَ مَنْ مَكَرَ بِيْ عَائِدًا عَلَيْهِ وَحُفْرَةَ مَنْ حَفَرَ لِيْ وَاقِعًا فِيْهَا وَمَنْ نَصَبَ لِيْ شُبْكَةَ الْخِدَاعِ اِجْعَلْهُ يَا سَيِّدِيْ مُسَاقًا اِلَيْهَا وَمُصَادًا فِيْهَا وَاَسِيْرًا لَدَيْهَا اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ اِكْفِنَا هَمَّ الْعِدَا وَلَقِّهِمُ الرَّدٰى وَاجْعَلْهُمْ لِكُلِّ حَبِيْبٍ فِدًا وَسَلِّطْ عَلَيْهِمْ عَاجِلَ النِّقْمَةِ فِي الْيَوْمِ وَالْغَدَا. اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ، اَللّٰهُمَّ فَرِّقْ جَمْعَهُمْ اَللّٰهُمَّ اَقْلِلْ عَدَدَهُمْ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الدَّائِرَةَ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ اَرْسِلِ الْعَذَابَ اِلَيْهِمْ، اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْهُمْ عَنْ دَائِرَةِ الْحِلْمِ وَاللُّطْفِ وَ اسْلُبْهُمْ مَدَدَ الْاِمْهَالِ وَغُلَّ اَيْدِيَهُمْ وَ ارْبُطْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَلَا تُبَلِّغْهُمُ الْاٰمَالَ. اَللّٰهُمَّ مَزِّقْهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ مَزَّقْتَهٗ لِاَعْدَائِكَ اِنْتِصَارًا لِاَنْبِيَائِكَ وَ رُسُلِكَ وَاَوْلِيَائِكَ اَللّٰهُمَّ اِنْتَصِرْ لَنَا اِنْتِصَارَكَ لِاَحْبَابِكَ عَلٰى اَعْدَائِكَ، اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَاءَ فِيْنَا وَلَا مِنَّا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا. اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَاءَ فِيْنَا وَلَا مِنَّا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا، اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَاءَ فِيْنَا وَلَا مِنَّا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا، حٰمٓ اُلْاَمْرُ وَجَاءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا مِمَّا نَخَافُ، اَللّٰهُمَّ قِنَا شَرَّ الْاَسْوَاءِ وَلَا تَجْعَلْنَا مَحَلًّا لِلْبَلْوٰى، اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا اَمَلَ الرَّجَاءِ وَفَوْقَ الْاَمَلِ يَا هُوَ يَا مَنْ بِفَضْلِهٖ لِفَضْلِهٖ نَسْئَلُ اِلٰهِيَ الْعَجَلَ الْعَجَلَ الْعَجَلَ اَلْاِجَابَةَ اَلْاِجَابَةَ يَا مَنْ اَجَابَ نُوْحًا فِيْ قَوْمِهٖ وَيَا مَنْ نَصَرَ اِبْرَاهِيْمَ عَلٰى اَعْدَائِهٖ وَ يَا مَنْ رَدَّ يُوْسُفَ عَلٰى يَعْقُوْبَ وَ يَا مَنْ كَشَفَ ضُرَّ اَيُّوْبَ وَيَا مَنْ اَجَابَ دَعْوَةَ زَكَرِيَّا وَ يَا مَنْ قَبِلَ تَسْبِيْحَ يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى نَسْئَلُكَ بِاَسْرَارِ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ اَنْ تَتَقَبَّلَ مَا بِهٖ دَعَوْنَاكَ وَاَنْ تُعْطِيَنَا مَا سَئَلْنَاكَ وَ اَنْجِزْ لَنَا وَعْدَكَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ لِعِبَادِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اِنْقَطَعَتْ اٰمَالُنَا وَعِزَّتِكَ اِلَّا مِنْكَ وَخَابَ رَجَاؤُنَا وَحَقِّكَ اِلَّا فِيْكَ.

اِنْ اَبْطَاَتْ غَارَةُ الْاَرْحَامِ وَابْتَعَدَتْ فَاَقْرَبُ الشَّيْءِ يَا غَارَةَ اللهِ يَا غَارَةَ اللهِ جِدِّي السَّيْرَ مُسْرِعَةً فِيْ حَلِّ عُقْدَتِنَا يَا غَارَةَ اللهِ، عَدَتِ الْعَادُوْنَ وَجَارُوْا وَ رَجَوْنَا اللهَ مُجِيْرًا، وَ كَفٰى بِاللهِ وَلِيًّا وَ كَفٰى بِاللهِ نَصِيْرًا وَحَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، اِسْتَجِبْ لَنَا آمِيْنَ

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

نوٹ دعائے حزب النصر کچھ مختلف الفاظ کے ساتھ بھی ہوتی ہے۔ جس کو جس کی اجازت ہو، وہ پڑھ لے۔ ع

روحانی دکان کے تیار روحانی علاج

تیار روحانی علاج کے ساتھ مکمل طریقہ استعمال دیا جاتا ہے۔ مریض اور روحانی معالجین اعتماد سے منگوا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

QI-DS02 جادو اور جنات کا علاج — ہدیہ 2100 روپے

ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات کے لیے چالیس یوم پر مشتمل تیار روحانی علاج۔ ان شاء اللہ، مریض کو مکمل شفاء حاصل ہوگی ۔ یہ علاج ان مریضوں کے لیے مفید ہے جن کے جسم کے اندر جادو/جنات کے اثرات ہوں۔

QI-DS04 السر کا روحانی علاج — ہدیہ 8000 روپے

ہر طرح کے السر کے لیے چالیس یوم پر مشتمل تیار روحانی علاج۔ ان شاء اللہ، مریض کو مکمل شفاء حاصل ہوگی یا بہت حد تک وہ السر کی تکلیف سے نجات پالے گا۔

NI-DS03 اولاد کی فرمانبرداری کے لیے — ہدیہ 1100 روپے

آج کل والدین کا ایک بڑا مسئلہ اولاد کی نافرمانی ہے۔ اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے تو اصل وجہ کی تلاش کرنی چاہیے اور اس کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ خاص تعویذات پر مشتمل اس روحانی علاج کو استعمال کرنے سے ان شاء اللہ، اولاد فرمانبردار ہو جائے گی۔

NI-DS17 امرا اور وزرا کے دلوں میں ہیبت — ہدیہ 1600 روپے

جو شخص یہ خواہش رکھتا ہو کہ امیروں اور وزیروں کے دلوں میں اس کی ہیبت ہو اور وہ جب ان کے سامنے جایا کرے تو وہ عزت سے پیش آئیں یا کم از کم بے عزتی والا رویہ نہ رکھیں تو اس خاص نورانی علاج سے فائدہ اٹھائے، ان شاء اللہ اس کی کوئی بے عزتی نہیں کرے گا۔

فلیتے/بتیوں کے تعویذات

فلیتے سے مراد چراغ میں جلانے والے یا بتی بنا کر بغیر چراغ جلانے والے تعویذات ہیں۔ بتیوں سے مراد کپڑا چڑھا کر سونگھنے والے تعویذات ہیں۔

٭٭ کثیر الفوائد فلیتہ خاص ٭٭ بیماری، بندش، جنات، نظرِ بد، جادو، نحوست ٭٭ کثیر الفوائد طلسماتی فلیتہ و بتی ٭٭ تین (3) دن میں گھر سے جادو اور آسیب کے خاتمے کا فلیتہ ٭٭ سحری و آسیبی اثرات، بندش و رجعت کا خاتمہ ٭٭ حاضرات میں رکاوٹ دور کرنے کی بتی ٭٭ مسلط آسیب کے اثرات کو زائل کرنا ٭٭ مریض پر مسلط آسیب کو جلانا ٭٭ آسیبی اثرات، آسیبی بندش ٭٭ آسیبی اثرات دور کرنے کا فلیتہ ٭٭ ہر قسم بندش کا اکیس (21) یوم میں علاج ٭٭ نظرِ بد، جادو، جنات و شیاطین کے اثرات جلانے کے لیے ٭٭ جادو، جنات اور مہلک امراض سے نجات ٭٭ نظرِ بد، جادو اور جنات کو قبیلے سمیت جلانا ٭٭ مریض پر مسلط آسیب کو بھگانے اور جلانے کا باموکل فلیتہ ٭٭ دکان کی بندش ختم ٭٭ ٹائیفائیڈ کے لیے ٭٭ جادو، آسیب، جنات و شیطان کے اثرات سے نجات ٭٭ مریض اور جگہ سے ہر قسم بد اثرات کا خاتمہ ٭٭ مریض اور جگہ سے ہر قسم بد اثرات کا خاتمہ ٭٭ تین (3) روز میں آسیب و جنات سے نجات ٭٭ نو (9) دن میں جادو اور بندش کا علاج ٭٭ گیارہ (11) دن میں جنات اور مسان کا علاج ٭٭ گندے جنات کو جلانے کا مجرب فلیتہ

درج بالا تعویذات کی تفصیل، طریقہ استعمال اور تعویذات کی تصاویر کے لئے پی ڈی ایف ڈاؤنلوڈ کریں۔

https://darulamal.org/ruhanishop/sale/tawezat/printed/other/dl/faleetay.pdf

درج بالا تعویذات حاصل کرنے کے لیے روحانی دکان کے ان نمبروں پر رابطہ فرمائیں۔

قید و مقدمہ کے لیے عملیات

صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہٗ (کراچی)

خلاصی از قید

مقدمے کی سماعت سے سات روز قبل یہ عمل کریں۔ ایک عدد سوت کی رسی کا اتنا ٹکڑا لیں جس پر قریب قریب آسانی سے سات گرہ لگائی جا سکیں۔ ہر روز ساعت عطارد میں اس پر ایک سو ساٹھ (۱۶۰) مرتبہ چہل کاف پڑھ کر رسی پر گرہ دیں۔ اس طرح سات روز میں سات گرہ دینی ہیں۔ جس روز سماعت ہو، اس روز جب گھر سے نکلنے لگیں، دو رکعت نفل اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ النصر پڑھیں۔ بعد سلام خلاصیٔ قید کیلئے دعا کریں اور سات مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر ایک گرہ پر دم کر کے گرہ کھول دیں۔ اس طرح کمرۂ عدالت تک پہنچنے تک کسی سے گفتگو نہ کریں اور وقفے وقفے سے سات سات مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر ساتوں گرہ کھول دیں۔ جب کمرۂ عدالت میں پہنچیں تو کوشش کریں کہ یہ رسی کا ٹکڑا قیدی کو دیں کہ وہ اپنے پاس رکھ لے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو کمرے میں کسی بھی جگہ پھینک دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، قیدی رہا ہوگا اور فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔

رہائی محبوس کیلئے

گندم کی روٹی پر کالی سیاہی سے چہل کاف لکھ کر قیدی کو کھلائیں۔ اگر قیدی کو کھلانا ممکن نہ ہو تو روٹی پر لکھ کر نیچے قیدی کا نام لکھیں اور اس روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پرندوں کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ قیدی رہا ہو جائے گا۔

فتح یابی مقدمے کیلئے

چہل کاف سات مرتبہ پڑھ کر گھر سے نکلیں۔ سات مرتبہ راستے میں پڑھیں۔ سات مرتبہ کچہری میں پہنچ کر پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ کمرۂ عدالت میں پہنچ کر پڑھیں۔ ان شاء اللہ فتح ہوگی۔

دشمن کے لیے روحانی اعمال

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمۃ اللہ

دشمن کی مردہ دلی

جب تم دشمن کو بزدل کرنا چاہو تو مندرجہ ذیل تعویذ ایک کاغذ پر لکھو اور اس کو شہر میں دفن کر دو تو دشمن کا دل مرجائے گا اور ہمیشہ تم سے مقابلہ نہ کر سکے گا۔ تعویذ یہ ہے:

||||۹ ھی ۹|| ۹||۳|| ط|| |||| ح || ھی|| ۹|| ہ|| ح و ک

|||| ۹ لا ا ح ھ ||ء || ح||و ||۲ لح ||۲۱ ۹۹ ح ح

||ھ ء ء ||ط ع لا ||۱ ھ ||ہ|| صح صح صح مالی ط

ملسلسسللح ابر للحمل کمثلح مار اساد

کسی پر دشمن مسلط کر دینا

اگر جائز ہو، ورنہ قیامت میں خود ذمہ ہوگا۔ ایک انڈے پر دشمن کا نام، مندرجہ ذیل آیت تین مرتبہ اور طلسم لکھو اور اس کو کسی قبر میں دفن کر دو۔ آیت یہ ہے۔ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ۔ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔ طلسم یہ ہے:

||||| ح ع و لا ر ک ور ا لا یللحر ک مہ

مقالہ بھوت اور پریت کی حقیقت

از: سید زاہد حسین زیدی (بھکر)

کسی بھی شئے یا کام جاننے سے پہلے اس کے نام کا معنی اور ضروری معلومات کا جاننا بہت ضروری ہے تاکہ اس کے بارے میں کسی قسم کا ابہام نہ رہے۔

ابتدائی زمانہ سے ہی حضرت انسان ہر جان و بے جان اشیاء کی پہچان کے لیے اس کو ایک نام دیتا آیا ہے اور ساتھ ہی اپنی یادداشت کے لیے ضروری معلومات بھی اپنے اپنے دور کے مطابق محفوظ کرتا چلا آیا ہے۔

اسی طرح جن سے وہ اچھے سے سمجھ کر متعارف ہو جاتا وہ تو اس کے لیے عام چیزیں یا کام ہوتے اور جن چیزوں یا کاموں کی کھوج میں وہ ناکام رہتا انہیں وہ کچھ ماورائی چیزیں یا مخلوق سمجھ کر انہیں بالکل ہی الگ سے عجیب سے نام سے لیتا ہے، انہی میں سے دو (2) نام بھوت اور پریت ہیں۔ یہ بالکل بھی نہیں کہ زمانہ قدیم کا انسان ان کی کھوج نہ لگا پایا بلکہ اس زمانے میں جن ذہین و فتین افراد نے اس کھوج میں کامیابی حاصل کی انہوں نے اسے اپنی انسانی جبلت کے تحت کچھ خاص قسم کی دریافتوں کو صرف اپنے تک محدود رکھا کیونکہ ہر انسان دوسرے پہ اپنی برتری ظاہر کرنا چاہتا ہے اور اپنے بچاؤ، کام یا کاروبار کو عروج دینے کے لیے مخصوص ہتھیار یا کاروباری گر کے طور استعمال کے لیے ایجاد کرتا آیا ہے۔ سو حضرت انسان نے ڈر اور خوف کو ہتھیار کے طور پر استعمال کیا اور یہ ڈر، خوف اور لالچ ہر زمانے میں ایک خاص تکنیک سے کاروباری صنعت کا درجہ حاصل کرتے چلے آرہے ہیں۔ آج بھی انہیں ہر کاروبار میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ بھوت کے معنی ہیں گزرا ہوا زمانہ، یہ فعل ماضی ہے گزرا ہوا وقت۔ وجود میں آیا۔ آسمان۔ ہیولی جو محیط عناصر ہے۔ شیطان۔ روح۔ جاندار۔ حیوان۔ دنیا۔

بھوت اور پریت کیا ہیں؟

بھوت کو جب پریت کے ساتھ جوڑ کر بولتے ہیں تو اس کا مطلب ہے بد انسانوں کی روح جیسا کہ کسی غلط کاموں میں پڑے انسان کو بدتمیز۔ بدماغ وغیرہ کہتے ہیں اسی طرح بھوت پریت ایسے انسان کی روح کی طرف اشارہ ہے جو گمراہ یا بدمذہب ہو، بھوت کے معنی شیطان بھی لیے جاتے ہیں کیونکہ وہ پیدا ہو چکا ہے تو اسے بھی بھوت پریت کہہ سکتے ہیں۔ اب جو جاندار مر گیا وہ بھی ماضی ہو گیا تو اسے بھوت کہیں گے کیونکہ زندہ کو بھوت نہیں کہا جاتا۔ بھوت کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ کائنات کے جتنے بھی عناصر ہیں انہیں بھوت پدھارت کہا جاتا ہے کیونکہ وہ گزرے ہوئے زمانے سے چلے آرہے ہیں۔ اگر ان کی نفی کردی جائے تو کائنات میں کچھ رہتا ہی نہیں۔ اگر جگ، گلاس، کپڑا، لکڑی، پھل، سبزیاں وغیرہ یہ سب ہی ہندی زبان میں بھوت پدھارت کہلاتے ہیں اس صورت میں مان کر چلیں تو سبھی بھوت ہیں۔ اسی سلسلہ میں پنچ مہا بھوت ہیں آکاش۔ مٹی۔ پانی۔ ہوا ان کو کہاوت میں آکاش ہے ستی جل پاوک گگن سمیرا یہ پانچ (5) مہا بھوت مانے جاتے ہیں۔ پریت کو سمجھنے کے لیے اس مصرعہ پہ غور کرنے کی ضرورت ہے "پرے سنگ ساتھ چامنڈا" جب جسم میں روح نکل جاتی ہے تو اسے پریت کہتے ہیں۔ پریت کا معنی ہے روح نکلا ہوا جسم۔ آج کل کے ہندو عاملین اس لفظ کو ڈرانے کے لیے استعمال کرتے ہیں، ان کے مطابق پریت مرے ہوئے مسلمان کی روحیں ہیں جو ان کے مطابق شانتی نہ پانے کی وجہ سے زمین پہ چکر لگاتے ہوئے کسی کو بھی چمٹ جاتی ہیں اور بھوت ان ہندوؤں کی روحیں ہیں جو بد ہوتے ہیں اور بار بار اپنے کرموں کو بھوگنے کے لیے جنم لیتی رہتی ہیں۔

گورونانک فرماتے ہیں

گھر کی نار ہٹ جا سو رہے سدا سنگ لاگی
جا دن ہنس تا جایے پنجر پریت پریت کر بھاگی

یعنی آدمی سب سے زیادہ اپنے گھر والی سے پیار کرتا ہے، وہ بھی اس سے دن رات چمٹی رہتی ہے، جب آدمی کے جسم سے روح نکل جاتی ہے وہ پرے ہٹاؤ کہتے ہوئے بھاگتی ہے۔ اگر یہ گھر میں مردہ پڑا رہا تو چولہا نہ بھی جل سکے گا اور سب بھوکے رہ جائیں گے، یہ مردہ اب پریت کہلاتا ہے، اس نظریہ سے بھوت اور پریت اپنے حقیقی معنی میں سمجھ آتے ہیں۔

بھوت اور پریت انسانوں سے کیسے چمٹتے ہیں؟

جان لینا چاہیے کہ یہ بھوت پریت ڈر اور خوف کا دوسرا نام ہیں، یہ اکثر ان عورتوں مردوں کو چمٹتے ہیں جن کی کمزور شخصیت ہوتی ہے۔ان مردوزن کی آنکھیں اور بال گہرے سیاہ رنگ کے نہیں ہوتے، ان کے ڈاڑھی مونچھوں کے بال ذرا دیر سے نکلتے ہیں، ذہنی طور پر کمزور، ہر وقت ڈر خوف میں مبتلا رہنے والے، اپنی بات کسی سے نہ کہہ پانے والے، عورتوں میں ہسٹریا کا مرض ہوتا ہے، ہسٹریا میں عورتوں کی شخصیت سیپرٹ ہو جاتی ہے اس میں دو (2) طرح سے ہوتا ہے، دوران دورہ وہ چپ چاپ لیٹے رہنا یا پھر کسی کی آواز میں بولنا شروع کر دینا اور کہنا کہ میں فلاں ہوں، مجھے اس نے تنگ کیا تھا، میں اسے نہیں چھوڑوں گی/گا وغیرہ وغیرہ، کچھ ایسے لوگ ہوتے ہیں جنہیں خود فریبی (Hallucination) نفسیاتی بیماری لاحق ہو جاتی ہے، خود فریبی کی پانچ ظاہری اقسام ہیں۔

یہ دماغ کا فریب ہے جو وہ جسم کو دیتا ہے

نظر کا فریب: جس میں دماغ کی وہ نروحساس ہو جاتی ہے جن سے انسان آنکھ کے پیچھے دیکھتا ہے، ان کے حساس ہونے سے مختلف چہرے اجسام دکھائی دینا، کیمرے کے فلیش کی طرح چمک دکھائی دینا، کوئی جانور دیوار میں گھس گیا ہو، گھر میں طرح طرح کی چیزیں دکھائی دینا، گھر کے فوت شدہ افراد دکھائی دینا، مریض یا مریضہ کہتی ہے فلاں فوت شدہ فرد میرے پاس آتا ہے، مجھے ڈراتا ہے یا مجھ کو ڈراتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

سونگھنے کا فریب: اس میں جو سونگھنے کی نرو ہے اس میں حساسیت پیدا ہو جاتی ہے جس سے مختلف اچھی یا بری بو محسوس ہوتی ہے، کبھی بہت زیادہ خوشبو کا احساس، کبھی بہت زیادہ بو کا احساس ہونے لگتا ہے۔

چکھنے کا فریب: اس میں وہ نرو متاثر ہوتی ہے جو ہمیں ذائقہ کا احساس دلاتی ہے ایسے مریض کو کبھی اچھے اچھے ذائقے کا کبھی کڑوے کسیلے بد ذائقہ محسوسات زبان یا منہ میں محسوس ہوتی ہیں۔

سماعت کا فریب: اس مریض کی وہ نرو حساس ہو جاتی ہے جو قوت سماعت سے تعلق رکھتی ہیں، اس میں طرح طرح کی آوازیں یا شور سنائی دینا، مریض کہتا ہے لوگ میرے کانوں میں آ کر بولتے ہیں، مجھے سونے نہیں دیتے وغیرہ وغیرہ۔

چھونے کا فریب: چھونے کا احساس اس میں ایسا محسوس ہوتو ہے جیسے کوئی شخص یا دوسری مخلوق مجھے چھو رہی ہے، مجھے اچھے یا برے اشارے کرتی ہے، مجھ سے ہمبستری کرتی ہے، میرے جسم پر کیڑے مکوڑے رینگ رہے ہیں یعنی کچھ بھی محسوس ہو جاتا ہے۔

مینٹل ہیلتھ پرابلمز میں یہ مسائل ہوتے ہیں جیسے ہسٹیریا، سیزوفرینیا، مراق، نفسیاتی الجھنیں، نشے کے عادی افراد میں یہ نفسیاتی مسائل ہوتے ہیں جنہیں قدیم زمانہ میں سمجھ میں نہ آنے کی وجہ سے جن، بھوت، پریت، چڑیل، پریوں وغیرہ سے جوڑ لیا جاتا تھا۔تاریخ بتاتی ہے تین چار سو سال قبل مسیح کوتلیہ چانکیہ نامی ایک پنڈت نے اسی نفسیات کو جانتے سمجھتے ہوئے اس کا استعمال کرتے ہوئے، کیونکہ وہ ڈر اور خوف کی طاقت کو اچھے سے سمجھ گیا تھا، اسی کو اپنے حق میں ہتھیار بناتے ہوئے اس نے کام لیا اور بھوت، پریت، آتماؤں سے ڈرانے کے مختلف حیلے کرتے ہوئے سکندر اعظم کی واپسی، نندا خاندان کے حکمرانوں کی چندر گپت موریہ کے ہاتھوں شکست میں اہم کردار ادا کیا، اس کی کتاب ارتھ شاستر آج بھی ان سب کو سمجھنے کے لیے زندہ جاوید حقیقت کے طور پر موجود ہے۔

بھوت اور پریت سے بچاؤ کی تکنیکس

اس کے لیے معالج خواہ روحانی ہو یا ادویہ سے علاج کرنے والا ہو، اس کا نفسیات پہ مکمل عبور ہونا بہت ضروری ہے، اس میں ایسی صلاحیتیں ہوں کہ مریض کو اعتماد میں لے سکے تاکہ مریض مکمل اعتماد سے اپنی ہسٹری بیان کر سکے اور اسے یقین ہو کہ یہ معالج میرا علاج کر سکے گا۔

پہلے زمانے میں معالج مختلف دھونیوں کا استعمال کرتے تھے، اگر مریض بے ہوش ہوتا تھا تو اسے ہوش میں لانے کے طریقے استعمال کرتے تھے، پھر اس کا مختلف نفسیاتی حربوں سے علاج کرتے تھے جن میں تعویذ

گنڈوں کے ساتھ خفیہ طریقے سے ادویات، مالش، سونگھنے اور کھلانے کے ذرائع استعمال کرتے تھے۔

قرآن مقدس میں اس کی تفصیلات تو بیان نہیں کی گئیں کیونکہ قرآن مقدس شرک سے بچنے کی تلقین کرتا آیا ہے۔ جب بندے کا یقین کامل صرف ایک اللہ کی ذات مقدس پہ ہوتا ہے تو اسے کسی دوسرے کا ڈر خوف نہیں رہتا جیسے ہی یہ یقین متزلزل ہوتا ہے تو کمزور شخصیت ہو تو یہ ڈر وخوف بندے پر قبضہ جما لیتے ہیں۔ قرآن مقدس اور تعلیماتِ حضور نبی کریم محمد الرسول ﷺ اسی یقین کو پختہ کرنے کا درس دیتے ہیں کہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مالک وخالق نہیں ہے، پھر بھی انسان کو کمزور دیکھتے ہوئے کہ وسواس میں انسان مبتلا ہوتا ہے تو اس سلسلہ میں معوذتین تعلیم فرمادی گئی ہیں۔ دوسرا اسی ڈر خوف کو ماحول کے نام سے منسوب کر کے ایک عام افرامیشن بھی تعلیم فرمادی ہے کہ جیسے کوئی ڈر خوف محسوس ہو کوئی نیگیٹو خیالات آئیں تو ''لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم'' کہہ لیا جائے، صبح وشام استغفار، معوذتین اور آیت الکرسی کا ورد کر لیا جائے جس سے یاد دہانی بھی رہے گی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرنا دوسرا پروٹیکشن شیلڈ بھی بندے کے گرد قائم ہو جائے گی۔ ہندوؤں میں ہنومان کو اسی قوت کا مالک سمجھا جاتا ہے اور وہ اپنی تعلیمات میں اسی ڈر خوف سے بچنے اور پروٹیکشن شیلڈ کے لیے یعنی بھوت پریت وغیرہ سے حفاظت کے لیے جے ہنومان گیان گن ساگر کا ورد کرتے ہیں۔

اس بھوت کی کہانی میں اندھیرے کا عمل دخل بہت زیادہ ہے کیونکہ اندھیرے میں درخت اور اس کے پتوں کا سایہ اور ہوا سے ہلنا مختلف شکلیں بنا دیتا ہے یا اندھیرے میں کپڑے وغیرہ کے ہلنے سے ڈر کر Hallucin کا ہو جانا بھی بھوت پریت ہی مان لیا جاتا ہے۔ یہ خیال مضبوط کر لیا جائے تو سمجھیں بھوت پریت چمٹ ہی گئے۔ دوسرا بہت ہی اہم کردار پرانے زمانے کی انٹرٹینمنٹ کہانیوں کا بھی ہے جنہوں نے اس کو بہت زیادہ دماغوں میں اپنے نقش نسل در نسل چھوڑے ہیں جن میں الف لیلی، داستان امیر حمزہ، دادی نانی کی چھوٹے بچوں کو سنائی جانے والی کہانیاں وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔

بھوت پریت کو بھگانے کے لیے جہاں مختلف بخورات وغیرہ استعمال کیے جا سکتے ہیں وہیں ہومیوپیتھی کی دوائیں، بیلاڈونا، اگنیشیا، ہائیوسائمس، سٹرامونیم وغیرہ منٹوں میں جن، بھوت، پریت، پریاں، چڑیلیں بھگا دیتی ہیں۔ ان ادویہ سے اگر مریض ٹھیک نہ ہو تو مریض کی ہسٹری پر غور کر کے علامات کو دیگر ہومیوپیتھی ادویہ سے میچ کریں اور مطلوبہ دوا دی جائے تو مریض بھلا چنگا ہو جاتا ہے۔

پرانے وقتوں میں اور اب بھی کہہ دیا جاتا ہے کہ گھر بدل لیا جائے تو یہ چیزیں پیچھا چھوڑ دیتی ہیں تو اس کے پیچھے بھی نہ سمجھ میں آنے والی انرجی ہی ہے جن کی وجہ یہی ڈر وخوف کی کوئی پوشیدہ علامت ہے، اس کے لیے معالج کو ہر طرح کے نفسیاتی علوم میں اور نفسیاتی علاج میں مہارت حاصل کر لینی چاہیے تاکہ کسی بھی سچوئشن کو ہینڈل کر سکے تب ہی ایک روحانی وجسمانی معالج کہلایا جا سکتا ہے۔

محبت، عشق، شادی، حاضری مطلوب اور پیار و محبت کے خاص سفلی اعمال

تسخیراتِ محبت سفلی

صفحات 125

تالیف: فیصل حمید نقشبندی | اجازت کے ساتھ ہدیہ: 2300 روپے

خاص اجازت، تاعمر رہنمائی اور ہر عمل اپنی نگرانی میں کروانے کی ذمہ داری کے ساتھ ہدیہ: 5000 روپے

☆محبت وحاضری مطلوب☆جلب نظری (آنکھوں سے دیوانہ بنانا)☆محبت کا عمل ونقش☆محبت کی تین (3) بتیاں☆محبت کا مصری عمل☆مطلوب کو بے قرار کرنا☆حب مجرب المجرب☆محبوب خود رابطہ کرے☆لڑکی یا عورت کو قابو کرنا☆محبوب خود رابطہ کرے☆لڑکی یا عورت مجبور ہوجائے☆24 گھنٹے میں وشی کرن☆عجیب وشی کرن☆محبت کا سرتاج عمل☆حب کا ہندی عمل☆وشی کرن کا خاص عمل☆حب لاجواب☆محبت کا تیر بہدف عمل☆تسخیر محبت کا عمل☆حب بھیروں☆وشی کرن سفلی☆گرو گورکھ ناتھ وشی کرن☆محبت کا عظیم عمل☆چھو کر وشی کرن☆دور بیٹھے انسان کا وشی کرن☆جگت وشی کرن☆وشی کرن مطلوب☆وشی کرن سادھارن☆محبوب کو آکرشت کرنا☆کرشماتی وشی کرن☆پرش کو وش میں کرنا☆پتی پتنی کا پریم☆موہنی تسخیر وحب☆کام دیو وشی کرن☆موہنی سادھنا وشی کرن☆میاں بیوی کی محبت☆خاوند (پتی) کی توجہ☆موہنی وشی کرن☆موہنی منتر وشی کرن☆شکتی شالی وشی کرن☆تصویر سے وشی کرن☆پتی وشی کرن☆وشی کرن کام دیو منتر☆وشی کرن آسان☆وشی کرن تسخیر محبوب☆وشی کرن مایا منتر☆سفلی وشی کرن☆مجرب سفلی وشی کرن☆سات (7) دنوں میں وشی کرن☆پتی وشی کرن☆پھولوں سے وشی کرن☆گرو گورکھ ناتھ وشی کرن عمل محبت مجرب المجرب☆کام دیو آکرشت منتر☆کام دیو منتر مجرب☆بھوت ناتھ کارتک وشی کرن☆وشی کرن☆کام دیو منتر☆مجرب منتر محبت☆مجرب منتر وشی کرن☆محبت کا ایک ٹوٹکا☆حب موہنی☆معشوق کو دیوانہ بنانا☆محبت کے فتیلے☆حب کا تین (3) رات کا عمل☆طلسم حب المجرب☆طلسم حب المجرب دوم☆طلسم حب بجلی سے بھی تیز☆ناراض پریمیوں میں صلح☆جلب ومحبت سفلی☆جلب ومحبت☆موہنی منتر برائے محبت☆حاضری مطلوب☆آپ محبوب کے دل میں☆حاضری مطلوب فوراً☆حب سریع☆محبت بالنظر (نظروں سے مطیع کرنا)☆پرش وشی کرن☆محبت مجرب المجرب☆محبت مجرب المجرب دوم☆جلب جبوب☆تسخیر وحاضری مطلوب☆ہتھیلی والا عمل محبت☆حب کا سپاری والا عمل☆36 گھنٹے میں محبوب حاضری☆محبوب کا سفر باندھنا☆پریمیکا کو وش میں کرنا☆تانترک وشی کرن☆تسخیر ومحبت کا حصول بذریعہ کلوا☆تسخیر ووشی کرن☆مکھراج وشی کرن☆وشی کرن خاص☆کام دیو منتر برائے محبت دوم☆تسخیر ومحبت☆پرش وناری وش میں کرنا☆کام دیو منتر برائے محبت☆تسخیر ومحبت کی بتیاں☆وشی کرن منتر خاص☆کام دیو وشی کرن منتر☆تسخیر ومحبت مجرب☆تصویر سے وشی کرن☆اپنی طرف مائل کرنا☆کسی کو بھی دیوانہ بنانا☆جلب نظری عجیبہ☆ہتھیلی والا طلسم محبت☆جلب نظری (جس کو دیکھو وہ دیوانہ)☆جلب ابلیس☆تسخیر ومحبت کا عمل☆تسخیر ومحبت مجرب☆محبت کا سفلی عمل☆محبت کا مجرب عمل☆عمل حب المجرب☆عمل محبت المجرب☆شامی موہنی بنگالہ منتر☆عمل حب نوری سفلی☆محبت کا موہنی بنگالہ منتر☆محبت کا موہنی بنگالہ منتر دوم☆محبت کا پوشیدہ عمل

مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان

0332-4487877 | 0323-4487877 | 042-35410586

maktabatulaarif | maktabatulaarif | maktabatulaarif

maktabatulaarif.com | maktabatulaarif@gmail.com

کچی سبزیاں اوران کے کرشماتی اثرات

پروفیسر حکیم سید عمران فیاض

عجیب سی بات ہے کہ کچی سبزیاں ذوق وشوق سے کھانے والے اپنی اس عادت کا اعتراف کرنے سے ہچکچاتے ہیں۔ کچی سبزیوں کے بیش بہا فوائد کی وجہ سے اس کا اعتراف کرنے میں ہچکچانے کی کوئی بات نہیں۔ بے شک کچھ سبزیوں کو کچا کھانے میں ان کا ذائقہ اچھا نہیں لگتا مگر صحت پر ان کے دیرپا اثرات رہتے ہیں، خاص طور پر یہ نظام ہاضمہ کے لیے انتہائی مفید ہوتی ہیں۔ یہ بات بھی مسلمہ ہے کہ ہاضمہ ٹھیک ہوتا ہے تو صحت بھی ٹھیک رہتی ہے۔

کچی سبزیوں کے فوائد کہیں نہ کہیں ہمارے لاشعور میں ہوتے ہیں تبھی تو پُرتکلف دعوتوں اور مرغ مسلم والی محفلوں میں سلاد کے بغیر ضیافت ادھوری سمجھی جاتی ہے۔ کچی سبزیوں کا سب سے بڑا فائدہ تو بہرحال یہ ہے کہ انھیں ایسے ہی کھانے سے غذائیت ضائع نہیں ہوتی، جبکہ انہیں پکانے کے دوران اس بات کا احتمال ہوسکتا ہے۔ آئیں جانتے ہیں کہ کونسی کچی سبزی کتنی فائدہ مند ہے۔

موسمی سلاد

سلاد، پیاز، ٹماٹر اور پودینہ کو کاٹ کر ان میں نمک اور سیاہ مرچ کا پاؤڈر شامل کریں اور مناسب سمجھیں تو اس پر لیموں کا رس ڈالیں، بہت لذیذ مرکب بن جائے گا۔

کھیرا

کھیرا کے باریک باریک قتلے کاٹ لیں، اس میں ابلے ہوئے آلو، ٹماٹر، سبز پودینہ شامل کرلیں اور نمک و مرچ سیاہ چھڑک کر اس میں لیموں کا رس حسب ذائقہ نچوڑلیں۔ بہت خوش ذائقہ ہوگا کیونکہ ایسے لوازمات سے کھانا زیادہ کھایا جاتا ہے اور جلد ہضم ہوجاتا ہے۔

مولی

مولی کو کدوکش کرلیا جائے۔ پھر اس میں مولی کے پتے، پیاز اور ٹماٹر کاٹ کر شامل کرلیں۔ اس پر نمک اور سیاہ مرچ پسی ہوئی ڈال کر کھائیں۔ بہت طاقتور اور ہاضم چیز ہے۔

ان اشیاء کو روٹی سے کھائیں۔ اگر چاہیں تو ان میں بعض موسمی پھل بھی شامل کرلیں۔ اگر کوئی آدمی دو تین ماہ کچی سبزیوں اور پھلوں کا استعمال کرے تو اس کے جسم میں غیر معمولی چستی، پھرتی اور طاقت رونما ہوجائے گی اور جسم کے اندر جس قدر زہریلے اور گندے مادے ہوں، نکل جائیں گے اور تندرستی اور توانائی عود کر آئے گی۔

لیموں کی چائے

اگر طبیعت بھاری ہو، متلاتی ہو تو صبح کے وقت ہلکی چائے بنا کر لیموں نچوڑ کر پئیں، بے حد فائدہ ہوگا۔ طبیعت کو فرحت حاصل ہوگی۔

لیموں کا اچار

خوب عمدہ لیموں پچاس (50) عدد لے لیں۔ نمک ایک (1) کلو ملا کر آٹھ (8) دن تک دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد لیموں خشک کرلیں اور کسی مرتبان میں ڈال کر اس میں دگنے لیموں کا عرق نچوڑ دیں۔ چار (4) دن تک دھوپ میں رکھیں، صحت بخش لیموں کا اچار تیار ہے۔

لیموں کی سکنجبین

حسب ضرورپانی لے کر حسب ذائقہ چینی ملا لیجئے۔ اس کے بعد لیموں کا رس ملا لیجئے، خوش ذائقہ سکنجبین تیار ہے۔

سر کی خشکی کے لئے

سر میں خشکی ہو تو تل کے ایک (1) پاؤ تیل میں چوتھائی حصہ لیموں کا عرق ملا کر چند دن تک بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح لگائیے، خشکی دور ہوجائے گی۔

لیمن سکوائش آفتابی

کلو بھر عمدہ رسیلے لیموں کا رس نکال لیں اور عرق میں سیر بھر چینی ملا کر

مسلسل سات (7) دن تک دھوپ میں رکھیں۔ اس میں اپنی حسب منشا ایسنس بھی ڈال سکتے ہیں۔ فلٹر کر کے خشک بوتلوں میں بھر لیں۔

بالوں کے لئے

لیموں کے رس میں آملہ پیس کر بالوں کی جڑوں میں نہانے سے گھنٹہ پہلے لیپ کر لیں۔ اس عمل سے بال لمبے اور چمکیلے ہو جائیں گے۔

چہرے کی رنگت کے لئے

رات کو سونے سے قبل خوب اچھی طرح منہ دھو کر تولیے سے خشک کر لیجئے۔ اس کے بعد تازہ لیموں کا رس نکال کر کپڑے سے چھان کر آنکھوں کو بچا کر منہ دھو لیجئے۔ ان شاء اللہ چہرے کے داغ، مہاسے، کیل اور چھائیاں چند دنوں میں ہی دور ہو جائیں گی۔

لیموں کے طبی فوائد

یہ سرد تر ہے۔ حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ طبیعت کی بداعتدالی کو دور کر کے سکون پیدا کرتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے، مقوی معدہ ہے، قے کو بند، متلی کو دور کرتا ہے۔ حفظ ماتقدم کے طور پر ملیریا میں مفید ہے۔

پیاز

اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں، ایک جنگلی اور دوسری بستانی۔ ان دونوں میں بظاہر کوئی فرق نہیں لیکن بستانی پیاز کھانے اور ادویات میں مستعمل ہے۔ اس کا مزاج گرم وتر ہے۔ بعض کے نزدیک گرم وخشک بھی ہے۔ یہ مشہور و عام سبزی ہے، جس کے بغیر سالن نہیں پکایا جاتا۔ اس کو گوشت میں مصالحہ کی بجائے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا جوشاندہ تقطیر البول میں نافع ہے۔ برسات کے موسم میں اس کا استعمال موسمی بیماریوں کے لئے بڑا مفید ہے۔ اس کا اچار کھانے سے ریاح کو بے حد فائدہ پہنچتا ہے۔ یہ تلی کے ورم کا بڑا علاج ہے۔ غذا میں اس کے استعمال سے آنکھوں کی بیماریوں میں افاقہ ہوتا ہے۔ ہیضہ میں نافع ہے۔

لہسن (تھوم)

یہ تیسرے درجے میں گرم وخشک ہے۔ اس کا رنگ زردی مائل سفید اور ذائقہ تلخ و تیز ہوتا ہے۔ اس کے دو دن کے استعمال سے خون کا دباؤ کافی حد تک کم ہو جاتا ہے۔ یہ پولیو، آنتوں کے امراض، جسمانی کیڑوں، امراض جلد، پھوڑے تبخیر، نظام تنفس کی جراثیم زدگی اور فشار الدم جیسے امراض میں مفید ہے۔ یہ دماغی امراض، دق اور سل کے لئے بھی مفید ہے۔ یہ پیشاب وحیض جاری کرتا اور آواز کو صاف کرتا ہے۔ امراض دمہ، وجع المفاصل، فالج، لقوہ اور رعشہ میں مفید ہے۔

ادرک

اس کا مزاج گرم وخشک ہوتا ہے۔ محلل ریاح و ہاضم طعام ہے۔ اس قیمتی شفاء بخش جڑ کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں بھی فرمایا ہے۔ اس کا طبی نام زنجبیل ہے۔ زنجبیل کو محرک، مشتہی، ہاضم، کاسر ریاح، افعال کی بنا پر ضعف اعصاب اور بلغمی عوارضات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

پالک اور چقندر

فولاد چاہیے تو پالک کھائیے لیکن ساتھ ہی آئرن سے بھرپور چقندر کھانا بھی نہ بھولیے۔ اس میں وٹامن سی بھی ہوتا ہے، جو آپ کی آنتوں کو آئرن بہتر طور پر جذب کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اگر آپ کو کچے چقندر پسند نہیں تو اس کے سلائس بنا کر تھوڑا سا نمک اور لیموں کا عرق چھڑک کر ایک گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ چاہیں تو نرم کرنے کیلئے تھوڑا سا پکا لیں اور اس پر پالک کاٹ کر ڈال دیں۔ اس کے بعد کالی مرچ چھڑک کر تناول فرمائیں۔ آپ یقیناً اچھا محسوس کریں گے۔

سوشل میڈیا، الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا پر بھی سبزیوں کی افادیت کے حوالے سے تحریریں و پروگرامز مفاد عامہ کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔

بند گوبھی اور ہری مرچ

آپ ہری یا عنابی گوبھی، ہری مرچ کے ساتھ ملا کر کھا سکتے ہیں۔ گوبھی بہت سارے وٹامن گروپس کا بہترین ذریعہ ہے اور قابل ہضم فائبر زبھی فراہم کرتی ہے۔ ہری مرچ میں موجود وٹامن سی، گوبھی سے حاصل ہونے والے منرلز کو ہضم کرنے کے عمل میں تیزی لاتی ہے۔ اس کے علاوہ ہری مرچ ذائقہ بڑھانے

کے ساتھ ساتھ آپ کو پوٹاشیم، مینگنیز اور دیگر وٹامنز بھی فراہم کرے گی۔

دونوں سبزیوں کے امتزاج کو نمک، چینی، لیموں اور ادرک سے آراستہ کرلیں۔ اگر چھوٹی ہری مرچ کھا سکتے ہیں تو وہ بھی ملالیں، ورنہ بڑی مرچ ہی کافی ہے۔

ٹماٹر اور شملہ مرچ

رنگین شملہ مرچ قوت مدافعت بڑھانے والے وٹامنز سے بھرپور ہوتی ہے۔ اسے ایسیڈیٹی دور کرنے والے ٹماٹر کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جائے تو یہ آپ کے جسم کیلئے بے پناہ فائدہ مند ہوگی۔ ویسے بھی جب آپ رنگ برنگی شملہ مرچوں کو دیکھیں گے تو شاید اپنا ہاتھ روک نہ پائیں۔ آپ انہیں سرکہ کے ساتھ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

ٹماٹر اور شملہ مرچوں کے امتزاج میں پرسیلے کے تازہ پتے ملالیں، جو کیلشیم اور وٹامن ڈی سے بھرپور ہوتے ہیں یا اس کے متبادل کے طور پر تازہ دھنیا چھڑک لیں۔ جس میں اینٹی آکسیڈنٹ خصوصیت ہوتی ہے اور یہ مرچوں سے حاصل شدہ وٹامنز کو مکمل بنا دیتا ہے۔

گاجر اور مولی

دونوں سبزیوں کو باریک کاٹ لیں اور ان پر نمک اور لیموں چھڑک لیں۔ مولی کی ترشی کا مداوا گاجر کرے گی۔ اس امتزاج کے ساتھ آپ مولی کے پتے اور ایواکاڈو کے سلائس بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ ایواکاڈو آپ کو اومیگا تھری فیٹی ایسڈ فراہم کرتا ہے، جو قدرتی غذاؤں سے بمشکل حاصل ہوتا ہے۔ مولی کی ہاضمہ بہتر کرنے کی قابلیت آپ کے جسم میں گاجر ہضم کرنے کے عمل کو تیز اور بہتر کرتی ہے۔

آپ دونوں سبزیوں کو نمک، چینی، لیموں یا دہی کے ساتھ ملا کر تناول فرما سکتے ہیں۔ گاجر آپ کے جسم کی اندر سے صفائی کرتی ہے جبکہ مولی میں اینٹی فنگل (جسم کے اندر فنگس والے انفیکشن کے خلاف) خصوصیت ہوتی ہے۔ اس لیے دونوں کا امتزاج بہت پاورفل بن کے سامنے آتا ہے۔

کچی سبزیوں کے چند حیران کن فوائد

جاپان میں لوگ سو سو (100،100) سال تک زندہ رہتے ہیں اور انہیں موذی بیماریاں چھو کر نہیں گزرتیں۔ ہنزہ اور وادی کشمیر میں بھی لوگ بغیر بیمار ہوئے عمر کی سنچری کر گزرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ لوگ قدرت کی عطا کردہ غذائیں کھاتے ہیں۔ ان میں زیادہ تر پھل، کچی سبزیاں اور خشک میوے شامل ہیں اور وہ پروسیسڈ غذاؤں سے بالکل نابلد ہیں۔ عموماً وہاں آپ کو دل، ذیابطیس اور جوڑوں کے درد کے مریض نہیں ملتے۔

اسی طرح نیوزی لینڈ میں کی گئی ایک تحقیق کے مطابق جو لوگ پھل اور سبزیاں کم کھاتے ہیں، ان میں ڈپریشن کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

18 سے 25 سال کے چار سو (400) افراد پر کی گئی ایک ریسرچ کے بعد ماہرین کا کہنا تھا کہ آپ گہری رنگت کے پتوں والی سبزیاں، کھیرا، کیوی، گاجر اور تازہ بیریز زیادہ سے زیادہ کھائیں کیونکہ ان سے جسم میں انفلیمیشن کم ہوتی ہے اور ذیابطیس جیسی بیماریاں دور رہتی ہیں۔

احتیاطی تدابیر

* ......سبزیاں استعمال کرنے سے پہلے انہیں اچھی طرح دھولیں۔
* ......جڑوں والی سبزیوں کو پانی میں سرکہ ڈال کر دھوئیں تاکہ چھپے ہوئے جراثیم ہٹ جائیں۔
* ......پتوں والی سبزیاں جیسے لیٹس (Lettuce) اور اجوائن کے پتے (Celery) تقریباً ہر سبزی کے ساتھ استعمال ہوسکتے ہیں۔
* ......تازگی، ذائقہ اور غذائیت بڑھانے کیلئے آپ تازہ ہرب جیسے کہ کالی تلسی، اجوائن، پودینہ، پارسلے اور دھنیا استعمال کرسکتے ہیں۔
* ......کھیرے دل و دماغ کو ٹھنڈک بخشتے اور ڈی ہائیڈریشن سے دور رکھتے ہیں۔ انہیں اجوائن یا پودینے کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

اگر ہم حفظان صحت کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تازہ سبزیوں کا استعمال کریں تو تندرست و توانا صحت مند رہ سکتے ہیں۔ سبزیوں اور پھلوں کے استعمال سے جسم کو وہ تمام قدرتی وٹامنز اور منرلز حاصل ہوسکتے ہیں، جن کی ہمارے جسم کو ضرورت ہے۔

رہتا ہے۔ پکا ہوا توت خوش ذائقہ، ٹھنڈا اور گرمی کو دور کرتا ہے۔ کچا توت کھانے سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ پکے ہوئے توت ٹھنڈے کر کے کھانے سے دل کو تسکین ہوتی ہے اور مزاج میں نرمی پیدا ہوتی ہے۔

فالسہ

سرد تر۔ پیاس اور گرمی کو دور کرتا ہے۔ قوتِ ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ بلغم کو خارج کرتا ہے۔ سرد مزاج والوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ جن میں خون کی کمی ہو، وہ فالسہ استعمال کریں کیونکہ فالسہ نیا خون کافی مقدار میں پیدا کرتا ہے۔ گرمیوں میں اس کا شربت بہت مفید ہے۔

گنا

گرم تر۔ پیشاب کی بندش اور جلن میں مفید ہے۔ تیز مصالحہ جات اور تلی ہوئی چیزوں سے جو نقائص پیدا ہوتے ہیں، گنے کے استعمال سے وہ دور ہوجاتے ہیں۔ گنے کے استعمال سے جسم کی تھکاوٹ دور ہوتی ہے اور جسم میں چستی آتی ہے۔ مشینوں سے نکالا ہوا گنے کا رس دیر ہضم بھی ہوتا ہے اور نقصان دہ بھی کیونکہ اس میں صفائی نہیں ہوتی۔ گنے کے رس کی بجائے اس کی گنڈیریاں کھانا زیادہ مفید ہے۔ اس سے رس بھی تازہ ملتا ہے اور دانت بھی مضبوط ہوتے ہیں۔

پپیتہ

سرد تر۔ دل اور معدے کی سوزش، جگر اور امراض دل کے لیے مفید ہے۔ سرد بلغمی مزاج والوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ جن کو دائمی قبض ہو، وہ ہر روز استعمال کریں۔ کم میٹھا ہونے کی وجہ سے شوگر والے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

لیچی

سرد تر۔ یرقان کے مریضوں کے لیے بہت مفید ہے۔ ہاضمہ کو تیز کرتی ہے۔ دماغی کمزوری اور دل کی دھڑکن میں بہت زیادہ مفید ہے۔ لیچی بلغم کو بڑھاتی ہے، اس لیے دمہ کے مریض استعمال نہ کریں۔ اس کے کھانے کے تقریباً 2 گھنٹے بعد پانی پینا چاہیے۔ پہلے پانی پینا نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کی جلن میں بھی بہت مفید ہے۔

بقیہ (ص 41): آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

والے یہ ہیں مگر ہتھیار کسی اور کے ہیں اور پیچھے کون لوگ ہیں؟ یہی فرق ہے خود سے علاج کرنے اور روحانی معالج سے علاج کروانے میں۔ جب جناتی اثرات خون میں سرایت کر جاتے ہیں تو معاملہ صرف ''منزل'' پڑھنے سے حل نہیں ہوتا۔ ساتھ کچھ دوسرے اعمال کرنے سے معاملہ سنبھل جاتا ہے۔ نیز کبھی بھی اگر عمل استعمال کر کے حالات مزید خراب ہوں تو اس کی فوری اطلاع دیا کریں نہ کہ دو ہفتہ کہا ہے تو دو ہفتے پورے کر کے ہی بتانا ہے۔

اب تو جو ہونا تھا، ہوگیا۔ اب آپ باقاعدہ علاج کروائیں تاکہ آپ کا معاملہ درست ہوجائے۔ علاج کے لیے یہ کریں:

1...... کلماتِ ذیل کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور گیارہ (11) مرتبہ نمک یا مٹھائی پر پڑھ کر بیگم کو کھلا دیں۔ فلانہ کی جگہ بیگم کا نام اور لفظ فلاں کی جگہ اپنا کا نام لکھیں اور پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۔ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۔ يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ يَامُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ قَلِّبْ لِفُلَانَةَ قَلْبَ فُلَانٍ بِالْخَيْرِ لِاَدَآءِ الْحُقُوْقِ يَاوَدُوْدُ حَبِّبْ حَبِّبْ يَاوَدُوْدُ ۔

2...... ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ستمبر 2022 کے شمارے کے صفحہ 36 پر بندشِ زبان کا ایک نقش دیا گیا ہے۔ ھبوطِ قمر ہر ماہ ایک (1) بار لگتا ہے۔ آپ اس نقش کو تیار کر کے قبرستان میں دبا دیں یا روحانی علاج گاہ رابطہ کر کے یہ نقش تیار کروالیں۔

3...... روحانی علاج گاہ رابطہ کر کے تعویذ کوڈ نمبر PN/N-017 دو منگوا لیں۔ ایک اپنے لیے اور ایک اپنی بیوی کے لیے۔ اور دونوں صبح و شام ایک تسبیح ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ'' کی پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ اول و آخر ایک بار درود شریف۔

خزینہ روحانیات کی سابقہ 8 جلدیں

روحانی و مخفی علوم سے بھری یہ جلدیں آپ کو عامل کامل بننے میں مکمل مدد دیں گی۔ روحانی معالجین، مریضوں، بندش میں جکڑے انسانوں کیلئے نوید شفاء۔ آپ کو ہر مسئلے کا حل خزینہ روحانیات کے ہر صفحے پر ملے گا۔ دیر نہ کیجئے، سٹاک محدود ہے۔

جلد	قیمت	رعائتی قیمت
جلد#6	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#7	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#8	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#9	قیمت: 740 روپے	رعائتی قیمت: 555 روپے
جلد#10	قیمت: 790 روپے	رعائتی قیمت: 590 روپے
جلد#11	قیمت: 840 روپے	رعائتی قیمت: 630 روپے
جلد#12	قیمت: 870 روپے	رعائتی قیمت: 655 روپے
جلد#13	قیمت: 1060 روپے	رعائتی قیمت: 795 روپے

آٹھ جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر

8 جلدوں کی قیمت: 6520 روپے رعائتی قیمت: 4370 روپے علاوہ ڈاک خرچ

خاص لنگر برائے تکمیل حاجات

(ہر اسلامی ماہ کی پہلی (نوچندی) اتوار کو کیا جاتا ہے)

● ہر قسم کی دینی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی دنیاوی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشرتی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی کاروباری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی روزگاری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی مایوس کن حاجات کی تکمیل کیلئے ● گھریلو امور سے متعلقہ ہر قسم کی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی نوکری، ملازمت وحصول ویزہ، حصول رشتہ وغیرہ کی تکمیل کیلئے

بفضل ربی جس نے بھی جس حاجت کیلئے حصہ ملایا، دعاؤں کا کہا، اس کی تمام مرادیں، تمام حاجات اللہ پاک نے پوری فرمادیں۔

مکمل حصہ: 1800 روپے نصف حصہ: 900 روپے

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

اگست 2023ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______

مکمل پتہ ______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ علاج ______

نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

روحانی علاج گاہ 0324-7772772 0342-7772772 ruhaniilajgah

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

اگست 2023ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______

مکمل پتہ ______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ اعمال ______

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

روحانی درسگاہ 0333-7772775 0309-7772775 ruhanidarsgah

روحانی علاج گاہ کے تمام واٹس ایپ گروپس کی تفصیل https://bit.ly/3ujXhOW

روحانی دکان کی دم شدہ اشیاء پر پہلے عاملین دم کرتے ہیں اس کے بعد جنات سے دم کروایا جاتا ہے۔ ان دم شدہ اشیاء پر مختلف مقاصد کے لئے مختلف دم کیے گئے ہیں جو تجربے میں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ عاملین حضرات مختلف روحانی مسائل کیلئے یہ اشیاء مریضوں کو استعمال کروائیں۔

قیمت:220 روپے

قیمت: 450,320 روپے

قیمت:220 روپے

قیمت:300 روپے

قیمت:150 روپے

قیمت:150 روپے

قیمت:150 روپے

قیمت:200 روپے

قیمت:200 روپے

قیمت:250 روپے

قیمت:500 روپے

قیمت:1100 روپے

قیمت:600 روپے

قیمت:100 روپے

قیمت:100 روپے

قیمت:600 روپے

یہ پیشکش اگست 2023 تک کیلئے ھے

روحانی درگاہ کے شاگردوں کیلئے %25 رعایت — ممبران خزینہ روحانیات کیلئے %15 رعایت

Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288

76واں یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر العارفی پرفیومز کی طرف سے درج ذیل تمام اشیاء پر خصوصی 20% رعایت

ایئر فریشنرز
https://bit.ly/3XOpu5Q

باڈی سپریز (مردانہ)
https://bit.ly/3JWsmrY

باڈی سپریز (زنانہ)
https://bit.ly/43qObH1

عطورات
https://bit.ly/44mAbiM

بخورات
https://bit.ly/3OaqKNF

چاکلیٹ بخورات
https://bit.ly/3DdG59U

بخور سٹکس
https://bit.ly/3DiVxRX

اگربتیاں (عربی)
https://bit.ly/44n2ZaV

اگربتیاں (انڈین)
https://bit.ly/44Kpu9A

اگربتیاں (پھول)
https://bit.ly/43x4baw

بخوردان (الیکٹرک)
https://bit.ly/3pNorql

بخوردان (نان الیکٹرک)
https://bit.ly/3JYrO4K

عارفی پرفیومز
0309-7772776 0349-7772776 042-35410586 aarfiperfumes
aarfiperfumes.com info@aarfiperfumes.com aarfiperfumes